مندرجہ ذیل علوی منتر کو سات مرتبہ پڑھ پیٹ پہ ناف کے مقام پہ دم کریں۔ ناف اپنی جگہ پر آجائے گی۔ منتر یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَا اِلٰہَ کا کوٹ اِلَّا اللّٰہ کی کائی فلاں بن فلاں کا ناف گولہ ٹھر کانے پر لائی۔ حضرت علی کی چوکی، محمد رسول اللّٰہ کی دوہائی۔

برائے ہاضمہ اور پیٹ درد ختم کرنے کے لیے

نہایت مجرب ہے اگر کسی کو کھانا ہضم نہ ہوتا ہو اور درد شکم رہتا ہو تو مندرجہ ذیل علوی منتر پیٹ پر ہاتھ پھیرتے ہوئے پڑھ کر دم کریں۔ کم از کم سات مرتبہ۔ انشاء اللہ درد ختم ہوگا اور کھانا ہضم ہوگا۔ منتر یہ ہے۔

اُجر ہات، بجر ہات، بھسم کرے پیٹ کا بھات۔ دوہائی حضرت شاہ قلندر عالم دے سب کو مات۔

آدھے سر کے درد کا مجرب منتر

سورج نکلتے وقت یا سورج غروب ہوتے وقت جس فرد کو آدھے سر کا درد ہو اُسے اپنے سامنے بیٹھا کر درد کی جگہ پر منتر گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس طرح تین مرتبہ کریں۔ انشاء اللہ مریض کو پہلے دن ہی ورنہ دوسرے حد تیسرے دن آرام آجائے گا۔ یہ مجرب عمل ہے اور فوری اثر کرتا ہے منتر یہ ہے۔

کالی چڑیا پہاڑ کی چن چن کنکر کھائے۔ دہائی خدا کی درد آدھا سیسی جائے۔

تحفہ حضرت شاہ شرف الدین قلندر

یہ وہ مشہور زمانہ ہندی زبان کا عمل ہے جس سے آپ پانچ مرضوں پر فوری اسی وقت قابو پا سکتے ہیں مرض یہ ہیں۔

1۔ واؤ یعنی ریح۔

2۔ لوط۔

3۔ کچھلاڑی یعنی کچھر الی۔

4۔ آنکھ کا ابلنا یعنی آنکھ آنا۔

5۔ عورتوں کا تھن ٹھل جانا۔

ان سب کے لئے عمل یہ ہے۔

کالی کالی ماہ کالی واؤ لوط کچھلاڑی آنکھ ابلی تھنڑ ٹھلیا پنچے بھوت بھسن گڑ دھلار کچھلاڑی بری ناروا برکت شاہ شرف دین قلندری پنچے ہین بَربُوں۔

طریقہ یہ ہے کہ ان امراض کے لئے کسی سبز پتے کو اپنے ہاتھ میں لے کر اس پر پڑھ کر مرض پر پھیرتے جائیں تین بار کرنے سے مرض چلی جائے گی تھن ٹھلے کے لئے مطلوبہ عورت کو پتہ دیں کہ اپنی چھاتی پر پھیرے

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ سرسوں کے تیل پر دم کر کے دے دیں تا کہ مریض خود اپنی مرض پر لگا سکے فوری شفا ہو گی۔

مراقبہ نور کے ذریعے صحت مند رہیں

آج کی نشست میں ہم آپ کو مراقبہ نور کے ذریعے صحت مند رہنے کا طریقہ اور اپنی رُوحانیت میں میں اضافہ کرنے کا خاص راز بتانے والے ہیں۔ مراقبہ نور کا طریقہ یہ ہے۔

رات کو جب آپ سونے کے لیے بستر پر لیٹ جائیں تو سب سے پہلے چت لیٹ جائیں۔ پھر لمبے لمبے اور گہرے سانس لیں۔ اَب ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک ایک مرتبہ سورہ فلق اور سورہ وناس پڑھیں، اور اپنے دائیں اور بائیں طرف پھونک کر، پھر یہ تصور کریں کہ آسمان سے نور ایک شعاع کی صورت میں آپ کے ماتھے میں تھرڈ آئی کے مقام جسے لطیفہ خفی بھی کہا جاتا ہے۔میں جذب ہورہا ہے۔ یاد رکھیں!! آپ کے دونوں ابروؤں کے درمیان ناک کی جڑ میں تھرڈ آئی کا مقام ہے۔ اَب تصور کریں کہ یہ نور ماتھے سے ہوتا ہوا کنپٹیوں سے گزرتا ہوا سر کے پیچھے حرام مغز میں چلا گیا ہے۔ وہاں سے تمام تر منفی لہروں کو دھکیل کر ریڑھ کی ہڈی سے گزرتا ہوا ریڑھ کی ہڈی کی دمچی میں پہنچ گیا ہے۔ وہاں رانوں کی طرف بڑھ گیا ہے اور رانوں سے گھٹنوں اور وہاں سے پنڈلیوں سے ہوتا ہوا، پاؤں کے تلوں تک منفی لہروں کا دھکیلتا ہوا لے گیا ہے۔ اَب یہ تصور کریں کہ تلوں سے منفی لہریں باہر فضا میں بکھر گئیں ہیں اور نور آپ کے پورے جسم میں جمع ہو گیا ہے۔

اِس تصور کو کچھ دیر گہرا کریں۔ یہاں تک کہ پورے جسم میں نور جمع ہوتا ہوا محسوس کرنے لگیں۔

اَب ایک مرتبہ پھر یہ عمل تھوڑی تبدیلی کے ساتھ دہرائیں، پہلے کی طرح تصور کریں کہ آسمان سے نور آپ کے ماتھے میں یا پھر کراؤن چکرا سے اندر داخل ہو رہا ہے، وہاں سے آنکھوں میں اور آنکھوں سے ناک اور ناک کی نوک سے ہوتا ہوا، ہونٹوں سے گلے میں، اور گلے سے دِل، پھیپھڑوں میں سے ہوتا ہوا، جگر، لبلبہ، تلی، معدہ، گردوں، بڑی آنت سے چھوٹی آنت سے منفی لہروں کو دھکیلتا ہوا، ٹانگوں کی طرف چلا گیا ہے۔ وہاں سے منفی لہریں پاؤں کے تلوں سے باہر نکل گئیں ہیں اور نور آپ کے پورے بدن کے ہر خلیہ، ہر رگ میں سما گیا ہے، یہاں تک کہ آپ کا پورا بدن نورانی ہو گیا ہے۔

سونے تک یہ عمل دس سے پندرہ مرتبہ دہرائیں، آپ دیکھیں گے کہ تمام رات بہت سکون سے گزرے گی اور صبح اُٹھیں گے تو طبیعت ہشاش بشاش ہو گی۔ چند ہفتے اس مراقبہ کو جاری رکھیں تو صرف آپ صحت مند رہیں گے بلکہ آپ کی رُوحانیت میں بھی اضافہ ہو گا۔ اگر اس مراقبہ نور کو اپنا معمول بنالیں تو آپ بیماریوں سے محفوظ رہیں گے اور دن بدن آپ کی رُوحانیت میں بھی اضافہ ہوتا رہے گا۔

چکراز مراقبہ سے جادو اور نفسیاتی امراض کا علاج

یاد رکھیں!! سحر جادو، ٹونہ اور دیگر بیماریاں تب پیدا ہوتی ہیں، جب انسان کا اوراء خراب ہو جاتا ہے۔ یا دوسرے الفاظ میں انسان کے چکراز یعنی انرجی پوائنٹس میں منفی لہروں کی زیادہ ہو جاتی ہے۔ اگر اِن منفی لہروں سے چکراز کو صاف کر لیا جائے تو ہر قسم کی بیماری جو منفی لہروں کی وجہ سے پیدا ہوئی تھی۔ خود بخود ختم ہو جاتی ہے۔ آج جو

مراقبہ آپ کو تعلیم کیا جارہا ہے یہ مراقبہ بیماریوں سے شفایابی کے لیے اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔

مراقبے کا طریقہ یہ ہے کہ آپ اکڑوں اس طرح بیٹھ جائیں کہ آپ کے پاؤں ننگے ہوں، اور زمین پر رکھے ہوں تا کہ منفی لہریں زمین میں جذب ہوسکیں۔ اپنی آنکھیں بند کرلیں۔ سب سے پہلے تصور کریں کہ آپ کے روٹ چکرا یعنی ریڑھ کی ہڈی کے نیچے بول و براز کے دونوں سوراخوں کے درمیان میں ایک سرخ رنگ کا پہیہ گھوم رہا ہے۔ کیونکہ روٹ چکرا رنگ سرخ ہے۔ اس لیے آپ سرخ رنگ کا تصور کریں گے۔ شروع شروع میں یہ مشکل ہوگا مگر پھر آہستہ آہستہ آسان ہوجائے گا۔ مگر آپ نے اس تصور کو پختہ کرنا ہے کہ آپ کے روٹ چکرا میں ایک پہیہ جو سرخ رنگ کا ہے گھوم رہا ہے۔

آسانی کے لیے آپ موبائل میں پیڈسٹل فین کو تیز چلا کر اس کی آواز کے ساتھ پہیہ چلانے کی کوشش کریں۔ یعنی مشق کرتے وقت موبائل ریکارڈنگ چلائیں۔ پھر اپنی تمام تر توجہ اور تصور مرد حضرات اپنے خصیوں اور خواتین اپنی توجہ بیضہ دانی کی طرف لے جائیں۔ وہاں چشمِ تصور میں ایک مالٹے رنگ یعنی اورنج رنگ کا پہیہ گھڑی کے الٹ رُخ گھومتا ہوا دیکھیں۔ یہ ہارا چکرا کا مقام ہے، اور اس کا رنگ اورنج ہے۔ جب یہ تصور پختہ ہوجائے تو کچھ دیر کے بعد اِن دونوں کو چلتا چھوڑ کر اپنی ناف والے حصہ یعنی نیول چکرا میں پیلے رنگ کا پہیہ گھومتا ہوا محسوس کریں۔ اور اس کو تیز سے تیز گھمانے کی کوشش کریں۔ کچھ دیر چلنے دیں۔ پھر اپنی تمام تر توجہ دِل کی طرف لے جائیں اور تصور کریں کہ دِل کے اندر لفظ (اللہ) لکھا ہوا ہے اور اس میں

سے نور نکل کر پھیل رہا ہے۔ دِل کے گرد سبز رنگ کا پہیہ گھوم رہا ہے۔ یہ ہارٹ چکرا ہے
اوراس چکرا کا رنگ سبز ہے۔اَب سبز پہیہ کو مزید تیز گھمائیں۔ کچھ دیر اس کو اور باقی
تمام چکراز کو چلنے دیں۔اَب اپنی توجہ اپنے گلے یعنی گردن میں لے جائیں اور اس
میں نیلے رنگ کا پہیہ گھڑی کے رُخ گھمائیں، یہ گلے کا چکرا ہے اور اس کا رنگ نیلا
ہے۔ جب یہ تصور خوب گہرا ہو جائے تو اپنی توجہ ماتھے کے درمیان ناک کی جڑ اور آپ
کی دونوں آنکھوں کے درمیان تیسری آنکھ میں ایک پہیہ گہرے نیلے رنگ کا گھڑی
کے اُلٹ گھوم رہا ہے۔ اس کو اس قدر تیز کریں جتنا آپ سے ممکن ہو۔ جب یہ تصور گہرا
ہو جائے تو اِسے چلتا چھوڑ کر اپنی توجہ سر کی چوٹی یعنی دماغ والے حصہ پر لے جائیں یہ
کراؤن چکرا کا مقام ہے۔ یہاں جامنی رنگ کے پہیہ کو گھڑی کے رُخ پر
گھمائیں، اور پہیے کے درمیان (اللہ) لکھا ہوا تصور کریں۔ جب یہ تصور قائم ہو جائے
تو اس پہیہ کو تیز سے تیز گھمائیں اور اسمِ اللہ سے نور نکلتا ہوا دیکھیں۔ کچھ دیر اِسی تصور
میں گزار دیں۔

پھر اپنی توجہ ریڑھ کی ہڈی کے نیچے یعنی روٹ چکرا پر لے جائیں۔ اور تصور
میں اس سے توانائی حاصل کریں۔ اس توانائی کو حرام مغز سے گزار کر اوپر لے
جائیں۔ پھر ہارا چکرا کے مقام پر توانائی حاصل کریں اور دونوں توانائیوں کو اُٹھا کر
حرام مغز سے گزارتے ہوئے اوپر لے جا کر پیٹ کے مقام سے بھی توانائی حاصل
کریں تمام توانائی کو اوپر دِل کے مقام پر محسوس کریں اور پھر حرام مغز تک لے
جائیں۔ اسی طرح گلے کے برابر لے جا کر اس کی توانائی بھی حاصل کریں اور اِس کو
تھرڈ آئی یعنی دونوں ابروؤں کے درمیان ناک کی جڑ میں، کے مقام پر لے جائیں، پھر

جب تک ہمیں اپنے بارے میں علم نہ ہو کہ انسان کیا ہے؟ اور بیرونی عوامل انسان پر کیسے اثر انداز ہوتے ہیں؟

اور اِن سے نبرد آزما کیسے ہوا جاسکتا ہے؟ اس وقت اس کا کیا حل ہوسکتا ہے؟

انسانی جسم میں صوفیائے کرام نے لطائف ستہ کی نشاندہی فرمائی ہے۔قدیم ہندوستانی سادھو اور گیانی لوگوں نے چکراز دریافت کئے اور اس دورِ جدید میں چینی اور جاپانی لوگوں نے انہیں انرجی پوائینٹ کا نام دیا ہے۔ جہاں منفی لہریں نسبتاً زیادہ قوت سے جمع ہوتی ہیں اور وہاں سے دوسرے مقامات پر سفر کرتی ہیں۔تو اہم اَمر یہ ہے کہ سب سے پہلے ہمیں اِن پوائنس پر سے منفی لہروں کا اخراج کرنا ہوگا۔اور اس کے لیے اتنا آسان حل ہے کہ آپ حیران رہ جائیں گے۔اس مقصد کے حصول کے لیے آپ نے کرنا کیا ہے؟

آپ کسی بھی وقت، کسی بھی جگہ، دوزانو یا چار زانو بیٹھ جائیں۔مگر خیال رہے کہ اس سے کمر میں خم نہ پیدا ہو۔آنکھیں بند کرلیں۔اور اپنے خیالات کو پوائنٹس میں سے ایک نقطہ پر مرکوز کریں۔اور سوچیں کہ ترتیب وار اِن پوائنٹس یعنی چکراز یا لطائف سے خاکستری رنگ کی منفی لہریں مسلسل خارج ہوکر زمین میں جذب ہورہی ہیں۔ایک پوائٹ سے منفی لہریں خارج کرکے، ذرا سی دیر کے لیے لمبے لمبے سانس لے کر خود کو تازہ دَم کرکے، دوسرے پھر تیسرے حتیٰ کہ تمام پوائنٹس پر مثبت لہریں جمع کرلیں۔اگر یہ عمل صبح صبح کھلے میدان میں ہوتو زیادہ بہتر ہے۔آپ تمام دِن انشاء اللہ خوش گوار گزرے گا۔اگر آپ یہ عمل متواتر کرتے رہیں، تو آپ خود ہی دیکھ لیں

گے کہ خدانخواستہ بیماری کی صورت میں آپ کا عارضہ قدرے کم ہو گیا ہے۔ اور تندرستی کی صورت میں آپ اپنے آپ کو تمام دِن ہلکا پھلکا محسوس کریں گے، اور اگر یہی عمل غسل کرنے کے بعد کیا جائے تو مزید بہتر ہو گا۔

صبح چونکہ موسم خوش گوار ہوتا ہے۔ اس لیے یہ موزوں وقت ہے ورنہ کسی بھی وقت کچی زمین یا پھر کچھ دیر کے لیے ننگے فرش پر چلیں تا کہ منفی لہریں پاؤں سے گزر کر زمین میں جذب ہو جائیں۔

منفی لہروں کو زائل کرنے کا رُوحانی طریقہ

منفی لہروں کو زائل کرنے کے لیے (وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْم) کا کثرت کے ساتھ ورد کرنا انتہائی مؤثر ہے۔ یہ تسبیح کی صورت میں نہیں بلکہ چلتے پھرتے کسی معین تعداد کے پڑھیں انشاءاللہ منفی لہریں ختم ہو جائیں گی۔

منفی لہروں کا خاتمہ اور ہر بیماری سے شفا کا طریقہ

سورہ رحمٰن کی تلاوت با آواز بلند کرنے سے منفی لہروں کی شدت میں کمی آجاتی ہے۔ اگر انسان روزانہ سورہ رحمٰن کی تلاوت نہ کر سکے تو کسی اچھے قاری کی تلاوت بلند آواز میں روزانہ سُنے۔ تو بھی منفی اثرات میں کمی آجائے گی۔ اگر کسی بیماری میں مبتلا ہے تو وہ اِس انداز میں تلاوت سُنے کہ اس کے متاثرہ حصے پر تلاوت کی لہریں ٹکرائیں، تو اس کی بیماری ختم ہو جائے گی۔ اگر صبح وشام خود سورہ رحمٰن کی تلاوت کرے تو اور بھی بہتر ہے۔ پس شرط یہ ہے کہ یقین کامل سے سرانجام دے۔ ہم نے

اس طریقہ سے بے شمار مریضوں کا کامیاب علاج کیا ہے۔

سحر جادو اور رُوحانی امراض کا آسان علاج

عملیات اور وظائف میں کامیابی کا راز

آج کے دور میں چائے ،کافی اور قہوہ کا استعمال عام ہے،اس کا استعمال فیشن ہی نہیں بلکہ نشہ کی صورت اختیار کر گیا ہے۔جس میں چائے تو ہر خاص و عام پیتے ہیں چونکہ اس میں ''نیکوٹن'' ہے اس کے استعمال سے بدن عادی ہو جاتا ہے اور اس کا نشہ لگ جاتا ہے۔

اگر اس نقصان دہ مشروب کی بجائے ''بابونہ'' کے قہوہ کو عادت بنا لیا جائے تو یہ منفی لہروں کی کمی کے لیے از حد مجرب ہے ،یہ بڑی عام سی جڑی بوٹی ہے جو، ہر پنساری کی دکان سے با آسانی مل جاتی ہے۔بابونہ کا قہوہ ہر بیماری کے لیے مفید ہے، بالخصوص جو لوگ بہت زیادہ پریشان رہتے ہیں۔اور اِن کی زندگی تفکرات سے عبارت ہے، وہ بابونہ کا قہوہ باقاعدگی سے استعمال کریں۔اِن کی بیماری ختم ہو جائے گی۔اگر کسی بھی پریشانی یا غصہ کی حالت میں اس کا استعمال کیا جائے تو چند منٹوں بعد طبیعت تر و تازہ ہو جائے گی،غم یا فکر سے نجات مل جائے گی۔منفی سوچ سے چھٹکارا پا کر مثبت سوچ آجائے گی بدن ہلکا ہو جائے گا۔

اگر کسی پر سحر جادو یا آسیبی اثرات ہیں تو یہ بھی منفی اثرات ہی ہیں۔اور منفی لہروں یا سحری اور آسیبی ،شیطانی اثرات کو ختم کرنے کے لیے عجوہ کھجور کا استعمال

شیطان اس میں قیام کرتا ہے۔"

اِسی قسم کی ایک روایت حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم سے بھی ملتی ہے۔ یعنی

"گوشت والا کپڑا گھر میں نہ رکھو کہ شیطان اس میں بسیرا کر لیتا ہے۔"

رات کی تاریکی کے شر کے بارے میں سورہ فلق کا ترجمہ ایک مرتبہ ہم پڑھتے ہیں۔

"آپ فرمادیں!! کہ میں صبح کے رَب کی پناہ میں آتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی ہے۔ اور اندھیری رات کی تاریکی کے شر سے، جب اس کا اندھیرا پھیل جائے۔ اور گرہ لگا کر اِن میں پھونکنے والیوں کے شر سے بھی، اور حسد کرنے والے کی برائی سے بھی جب وہ حسد کرے۔"

آپ نے غور کیا کہ کوڑا کرکٹ وغیرہ وہ چیز ہوتی ہے جس سے توانائی یا زندگی کی لہریں یعنی گودا، خوشہ، رَس، جوس اور جوہر وغیرہ استعمال کر لیا جائے، بیج، چھلکا، گٹھلی، پھوگ یا کچرا وغیرہ باقی رہ جائے۔ اس کی مثال یوں سمجھ لیں کہ گاڑی وسیلہ ظفر ہے اور وہ ایندھن یعنی پٹرول، ڈیزل، یا گیس وغیرہ سے چلتی ہے۔ پٹرول یا گیس سے گاڑی جب چلنے کی طاقت حاصل کر لیتی ہے تو کاربن مونو آکسائیڈ گیس باقی بچ جاتی ہے۔ جو صحت و زندگی کے لیے انتہائی مُضر ہے، لہٰذا کوڑا کرکٹ کو شام سے پہلے باہر نکال دینا چاہیے، تا کہ گھر کے افراد بالواسطہ یا بلاواسطہ متاثر نہ ہوں، چونکہ باہر کے ماحول میں شام کو منفی لہروں کی طاقت میں شدت آجاتی ہے۔ اس لیے بچوں کو باہر نکلنے سے روکا گیا ہے۔

سورہ فلق کا ترجمہ ہم پڑھ چکے ہیں۔ تمام سفلی اعمال یا تو زوال کے اوقات

روزانہ غسل کرنا

بار بار نہانے سے بھی بدن پر سے منفی لہریں ڈھل جاتی ہیں۔ اس لیے بیماری کے دوران خاص طور پر سحر جادو کے مریضوں کو بار بار نہانا چاہیئے اس عمل سے طبیعت میں بہتری آتی ہے۔

سمندری نمک

سمندری نمک بھی کافی حد تک منفی لہریں جذب کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔ جس گھر میں منفی اثرات یعنی سحر جادو ٹونہ، سایہ، آسیب کے اثرات ہوں اور اہل خانہ متاثر ہوں تو وہ اپنے بیڈ کے پاس سیڈ ٹیبل پر ایک گلاس پانی میں تین چمچ سمندری نمک ڈال کر رکھ دیں۔ رات بھر اور صبح کے وقت پانی کو باہر کسی جگہ گرا دیا کریں۔ اور پھر رات کو ایک گلاس تازہ پانی میں تین چمچ سمندری نمک ملا کر اپنے بیڈ کے پاس رکھیں اور صبح کو باہر گرا دیں۔ ہفتہ عشرہ ایسا کرنے سے منفی لہریں کمزور ہو جائیں گی، بعض اوقات منفی لہروں کی زیادتی کی وجہ سے پانی کا رنگ تبدیل بھی ہو جاتا ہے۔ اگر ایسا ہو جائے تو تب تک اس عمل کو جاری رکھیں جب تک پانی کا رنگ تبدیل ہونا بند نہ ہو جائے۔

میں لاتا ہے وہ کبھی ختم نہیں ہوتیں۔ وہ برقرار رہتی ہیں، وہ ایتھر کا حصہ بن جاتی ہیں۔ مثبت لہریں لطیف اور منفی لہریں کثیف ہوتی ہیں۔ جس طرح دِن اور رات اکٹھے نہیں ہو سکتے۔ اِسی طرح لطافت اور کثافت اکٹھی نہیں ہو سکتی۔

اَب ہم آتے ہیں بدرُوح کے خواص کی طرف

بدرُوح کی عادت ڈھیٹ پن ہے اور رنگت اس کی زرد ہوتی ہے۔ اور بُو اِس کی تیز گندھگ اور تیزابی ہوتی ہے جو نتھنوں میں چڑھنے اور چبھنے والی ہوتی ہے۔ عامل کسی شخص پر اپنا عمل کرنے کے لیے دو طریقے استعمال کرتا ہے۔ ایک نوری طریقہ کہلاتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ سے مدد اُس کے اسمائے حسنیٰ یا قرآنی آیات اور سورہ قرآنی کو ایک مقرر کردہ تعداد، وقت اور جگہ کی پابندی کے ساتھ مقرر کردہ ایام تک پڑھا جاتا ہے۔ جس سے نیک صالح ارواح یا مؤکلات اور مسلم و مومن جنات کو مسخر کرکے اُن سے معاونت حاصل کی جاتی ہے۔

دوسرا طریقہ سفلی اعمال یا جادو کہلاتا ہے۔ اس عمل میں عامل غیر مسلم جنات ،شیاطین یا پھر ارواحِ خبیثہ سے مدد لیتا ہے۔ مندرجہ بالا دونوں طریقوں میں، کسی ایک یا ایک سے زیادہ طاقتوں کی ڈیوٹی لگا دِی جاتی ہے۔ یہ مخلوق مادی جسم نہیں رکھتی بلکہ غیر مرئی لہروں کی صورت میں ہوا میں تحلیل رہتی ہے۔ جب اِن ارواح کی ڈیوٹی لگ جاتی ہے تو وہ اُس گھر، دفتر، یا زرعی زمین کو گھیر لیتی ہیں۔ وہ لہریں باقی تمام اقسام کے مادوں کے ایٹموں سے زیادہ کثیف ہوتیں ہیں۔ اس لیے وہاں رہنے والے انسان، جانور، چرند پرند اور نباتات کو نقصان پہنچاتی ہیں اور تمام جاندار بیمار رہنا

شروع کر دیتے ہیں۔ اِن کا ہالہ یعنی اوراء متاثر ہوتا ہے۔ اور تمام اشیاء کے اوراء پر دباؤ بڑھ جاتا ہے کیونکہ زندہ اشیاء کے ہر ایٹم پر رُوح ہوتی ہے۔ اور جب ہر ہر ایٹم پر کثیف دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ جس تناسب سے زندگی کی لہروں کو ہونا چاہیئے۔ اِس میں کمی آجاتی ہے۔ لہٰذا زندگی بیماری کی طرف بڑھنا شروع ہو جاتی ہے اور اگر اس کا بر وقت تدارک نہ کیا جائے تو نہ صرف بیماری بڑھ جاتی ہے بلکہ زندگی کا خاتمہ بھی ہو جاتا ہے۔

اَب سوال یہ ہے کہ بدرُوح بدبودار کیوں ہوتی ہے۔

سورہ واقعہ کی آیت نمبر 88 تا 89 میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے کہ

''پھر اگر وہ اللہ کے مقربون میں سے ہیں، تو اس کے لیے آرام اور خوشبو دار پھول اور نعمت کے باغ ہیں۔''

نیک لوگوں کی رواح مرنے کے بعد اپنے اعمالِ صالح کی وجہ سے خوشبودار ہو جاتی ہے۔ اور وہ اعمال کی خوشبو کی تلاش میں رہتی ہیں۔ جب کوئی شخص کوئی ورد یا وظیفہ کرتا ہے یا کسی شخص کی قبر پر قرآن خوانی کرتا ہے اس کی قبر پر پھول ڈالتا ہے اگربتیاں جلاتا ہے تو یہ محض اس صاحبِ قبر کی توجہ حاصل کرنے کے لیے کرتا ہے تا کہ صاحبِ قبر اپنے مرقد پر حاضر ہو جائے اور اپنے عقیدت مندوں کی راہ میں حائل نادیدہ رکاوٹوں کو دُور کر دے تا کہ ان کے دینی یا دنیاوی کام خوش اسلوبی سے سرانجام پا سکیں۔

عامل کسی قسم کا کوئی وظیفہ کرتا ہے تو اس وقت ستاروں کے حساب سے بخورات سلگاتا ہے تا کہ اس جگہ خوشبو پھیل جائے اور اِس خوشبو کی وجہ سے نیک صالح

ارواح یا پھر موئکلات اور مومن جنات اس جگہ وارد ہو جائیں۔ مندرجہ بالا ذی روحیات اِن لوگوں کی ارواح کی ہیں جو اعمالِ صالح بجالانے والے نیک لوگ تھے۔ اور جنہوں نے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے اپنی زندگیاں اُس کے احکامات کے مطابق بسر کیں۔

اِن کے مقابلہ میں جن لوگوں نے گناہ کا ارتکاب کیا، اللہ تعالیٰ کی قائم کی ہوئی حدود کو توڑا اور منع فرمائے گئے اعمال پر پیرا ہوئے تو انہوں نے بداعمالی کی صورت میں ایک ایسا جال بُنا، جو کثیف لہروں پر مشتمل تھا اور جز کُل کے برابر ہوتا ہے۔ اس لیے اِن گناہ گاروں کی ارواح کی کثیف لہریں دنیا کی کثیف لہروں میں شامل ہو جاتی ہیں۔ اور یہ حقیقت ہے کہ کسی چیز سے اگر اچھائی نکال لی جائے تو برائی باقی رہ جاتی ہے اِسی طرح انسان غذا سے پاکیزہ لہریں حاصل کر لیتا ہے جو اس کی بقا میں مددگار ہوتی ہیں۔ تو بقیہ وہ لہریں بچ جاتی ہیں جو انسانی زندگی کے لیے نقصان دہ ہوتی ہیں۔ یہ لہریں کہاں پائی جاتی ہیں۔ یہ لہریں گندی جگہوں اور فضلہ وغیرہ پر چونکہ ارواح بد بھی کثیف لہریں ہیں۔ اس لیے وہ اپنے کُل یعنی گندگی میں جمع ہوتی ہیں۔ اور وہ لہریں بدبودار ہو جاتیں ہیں، چنانچہ جب کسی بھی جگہ سے بدارواح کا گزر ہوتا ہے تو وہاں گٹروں کے سڑے ہوئے پانی جیسی بدبو پھیل جاتی ہے اور ایسا ہونا بھی چاہئیے کیونکہ اِن ارواح کا ڈیرہ گندے نالوں، گٹروں، جوہڑوں، فضلہ اور گندگی کے ڈھیر پر ہوتا ہے۔ اِسی لیے اِن کا مزاج تیزابی بن جاتا ہے۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم فرماتے ہیں کہ

''تمہارے گھر میں لگے ہوئے مکڑی کے جالے، شیطان کے گھر ہیں۔''

ہے۔ منفی لہریں اس کے بدن یا دِل کا احاطہ کئے ہوئے ہیں۔ منفی لہریں کثیف اور گندھکی ہیں اس لیے وہ آگ پکڑلیں گی۔ منفی لہریں نہ صرف روزِ حشر کے بعد آگ پکڑیں گی بلکہ اس دنیا میں بھی وہ آگ پکڑلیتی ہیں۔ اگر منفی لہریں جادو کی صورت اختیار کرلیں۔ تو اُن لوگوں کے نام جن پر دنیا میں اللہ تعالیٰ کا غضب وعذاب نازل ہوا ہے۔ لکھ کر فلیتہ بنا کر چراغ میں جلائیں اور سحر زدہ مریض یا مریضہ چراغ کی طرف دیکھتا رہے۔ تو فلیتہ جلتے ہی اِس جگہ اور مریض کے بدن میں موجود منفی لہریں بھی جل جائیں گی۔ منفی لہریں اگر مقدار میں کم ہوں گی تو جلد جل جائیں گی اور ماحول صاف ہوجائے گا اور اگر بہت زیادہ مقدار میں ہوئیں تو اِن کے خاتمہ میں کچھ زیادہ عرصہ بھی لگ سکتا ہے۔ منفی لہروں کے جلنے کی باقاعدہ آواز آئے گی اور بعض اوقات شعلہ دو شاخہ بھی ہوجائے گا اور شعلے میں نیلاہٹ نمایاں ہوگی۔ جس طرح گندھک جلنے پر شعلہ میں نیلاہٹ ہوتی ہے۔

غضب وعذاب شدہ اِن ناموں کے فلیتہ کے بڑے قوی اثرات ہوئے ہیں۔ اَب تک ہم نے بے شمار بدارواح اور سحر جادو آسیب سایہ کے مریضوں کا اِس طریقہ سے کامیاب علاج کیا ہے۔ اس چراغ میں ارواح خبیثہ اور آسیب وجنات ،سحر جادو سب جل جاتے ہیں اور ہمارے تجربہ ومشاہدہ میں یہ بات بھی آئی ہے کہ بعض اوقات جب فلیتہ جل جاتا ہے تو آخر میں چراغ کے تیل کے اندر خون کا لوتھڑا بھی پایا جاتا ہے اور بعض اوقات مسحور یا آسیب زدہ کو چراغ کے شعلہ میں خوف ناک ہیولے بھی نظر آتے ہیں۔ بدارُوح کے علاج کا یہ طریقہ علاج ہمارا برسوں کا مجرب اور تجربہ شدہ اور کامیاب ہے۔

ڈپریشن اور ٹینشن سے نجات کا روحانی طریقہ

مشہور مقولہ ہے۔ ''موسم انسان کے اندر موجود ہیں'' جب انسان اندر سے خوش ہو تو باہر کا ماحول خوب صورت لگتا ہے۔ اور جب اندر سے آدمی غمگین ہو تو اُسے ساری دنیا بدنما اور بے رنگ لگتی ہے۔ ذہنی دباؤ، ٹینشن اور اعصابی دباؤ بھی ایسی ہی تکالیف ہیں جو ہمارے اندر سے جنم لیتی ہیں۔ لیکن اکثر لوگ اس کا علاج بیرونی ذرائع سے کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ آپ کی ذات دراصل ایک قطعہ زمین ہے۔ جس میں آپ فکر کا بیج بوتے ہیں۔ آپ خود کو بے آرامی اور بے سکونی میں مبتلا کر کے دراصل پریشانی اور ٹینشن کا بیج اپنے اندر بوتے ہیں۔ جب یہ بیج اندر ہی اندر تناور درخت بنتا ہے تو ذات ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتی ہے۔

رات سونے سے قبل وضو یا غسل کر کے اندھیرے کمرے میں فرش پر آرام دہ نشست سے بیٹھ جائیں۔ آلتی پالتی ماریں۔ یا دو زانو بیٹھیں۔ اس کا فیصلہ آپ خود کریں۔ مقصد یہ ہے کہ جسم آرام دہ حالت میں رہنا چاہئے۔ ناک سے پانچ سیکنڈ تک سانس اندر کھینچیں اور پھیپھڑوں میں روکے بغیر پانچ سیکنڈ میں منہ کے ذریعے نکال دیں۔ اس طرح تقریباً پانچ منٹ کریں۔ آنکھیں بند کر لیں۔ اَب آپ کا جسم ریلیکس ہو چکا ہے۔ اَب تصور کریں کہ آپ کا جسم مثالی یعنی روشنیوں کا جسم آپ کے سامنے کھڑا ہے۔

جب یہ تصور قائم ہو جائے تو یہ تصور کریں کہ وہ مسکرا رہا ہے۔ تقریباً دس سے پندرہ منٹ تک اپنے مسکراتے ہوئے وجود کا تصور کریں، اور پھر آنکھیں کھول لیں۔

انشاء اللہ چند دنوں کی اس رُوحانی مشق سے آپ کو پریشان اور ٹینشن سے نجات مل جائے گی اور آپ پرسکون رہنے لگیں گے۔ اگر اس مشق کو ہفتہ عشرہ جاری رکھیں تو بہت اچھا ہے۔

☆☆☆☆☆

باب۔6

حاضرات و تسخیراتِ ارواح کے نایاب ترین اعمال

بچے پر حاضرات کرنا

بچے کو اپنے سامنے بٹھائیں۔ اُسے اچھی سی خوشبو لگائیں۔ اور اُسے آنکھیں بند رکھنے کا کہیں۔ یا آنکھوں پر سیاہ کپڑا باندھ دیں۔ اور دل ہی دل میں (یــا عــلــی یــاعــلــی یاعلی) پڑھتے رہیں گیارہ مرتبہ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ پڑھیں (یاعلی اَدْرِکْنــی فی سَبِیْلِ اللّٰہ) اور بچے پر دَم کر دیں۔ زیادہ سے زیادہ گیارہ مرتبہ مندرجہ بالا ترکیب سے پڑھنے پر بچے پر حاضرات شروع ہو جائے گی۔ جو بھی سوالات پوچھنے ہوں پوچھ کر حاضرات ختم کر دیں۔ حاضرات کے تمام اعمال کا سرتاج عمل ہے۔

حاضرات کا بے مثال لاثانی عمل

یہ حاضرات کا لاثانی عمل ہے ساعت کھولنے کے لیے اپنی مثال آپ ہے۔ مگر اس عمل کی پہلے ریاضت کرنا ضروری ہے۔ جس کا طریقہ یہ ہے کہ سورہ مریم کی آیت مبارکہ نمبر 17 یعنی (فـأرسـلـنـا إليهـا روحـنـا فـتـمـثـل لهـا بشـرا سـويًا۔) کو روزانہ سوتے وقت ایک تسبیح اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ عمل عروج ماہ میں کسی بھی جمعرات یا نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ اور 41 یوم تک مسلسل کرنا ہے۔ پہلے ہی ہفتہ میں انشاءاللہ کانوں میں آواز آنا شروع ہو جائے گی۔ جب آواز آنا شروع ہو جائے تب اپنے دل میں کسی بھی

مقصد کا تصور کریں۔ انشاء اللہ بذریعہ آواز آگاہی ہو جائے گی۔ پھر جب کبھی کسی امر سے آگاہی چاہیں تو چند مرتبہ تین، پانچ، سات یا گیارہ مرتبہ آیات مبارکہ کو پڑھیں۔ اور مقصد کا تصور کریں۔ بذریعہ آواز مکمل جواب ملے گا۔

یہ عمل ہماری تصنیف ''مصباح الارواح'' کے باب نمبر تین میں بھی دیا گیا ہے مگر وہاں اس کی ریاضت اکیس یوم کی درج ہے اور اکیس یوم کی ریاضت میں ایسی آوازیں آتی ہیں جن کی سمجھ نہیں آتی ۔ اس لیے اس عمل کی اکتالیس روز کی ہی ریاضت کی جائے۔ تو کامیابی ہوتی ہے۔

طریقہ دوم

ایک قد آور آئینہ لے کر اس کے سامنے کھڑے ہو جائیں اور بائیں آنکھ کی پتلی پر نظر جما کر یہی آیات مبارکہ پڑھنا شروع کر دیں۔ پندرہ سے بیس منٹ میں صورت آئینہ میں تبدیل ہو جائے گی۔ اس میں کچھ عرصہ کے بعد ہمزاد بھی متوجہ ہو جاتا ہے مگر کام نہیں کرتا سامنے آ کر بات بھی کرتا ہے۔ آواز بھی آتی ہے۔ اس عمل میں خوف ناک اشکال بھی نظر آتی ہیں۔ اس حاضرات سے ہر قسم کے سوالات کا جواب بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اور سحر جادو جنات کو حاضر بھی کیا جا سکتا ہے اور علاج بھی کیا جا سکتا ہے۔ ایک سمجھ دار فرد اس سے ہزاروں کام لے سکتا ہے۔

ہیں۔ آپ کا یہ عمل انشاء اللہ بغیر کسی ریاضت کے کامیاب ہوگا۔ ہمارے تمام مریدین اور شاگردوں کو اس کی اجازت ہے۔

اس عمل کی ترتیب اور طریقہ یہ ہے کہ معمول کو باوضو اپنے سامنے بٹھائیں۔ اور خوشبو لگائیں۔ سب سے پہلے تین مرتبہ درود شریف پھر تین مرتبہ سورہ فاتحہ اور پھر آخر میں گیارہ مرتبہ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ پڑھیں۔ انشاء اللہ معمول پر حاضرات کا نزول ہونا شروع ہو جائے گا۔ اگر دیر لگے تو عمل کو اسی ترتیب سے پھر پڑھیں۔ اور معمول پر دَم کریں۔ ہر طرح کے سوالات کے جوابات حاصل کریں۔

اس عمل میں سورہ نمل کی آیت نمبر 30 اور 31 کی رُوحانیت کام کرتی ہے۔ اور انہی دو آیات کو آپ نے پڑھنا ہے۔ آیات یہ ہیں۔ (إِنَّهُ مِن سُلَيْمَانَ وَإِنَّهُ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۔ أَلَّا تَعْلُوا عَلَيَّ وَأْتُونِي مُسْلِمِينَ ۔)

مندرجہ بالا عمل ایک خاص صدری راز تھا جو ابھی تک ہم نے اپنی کسی کتاب میں درج نہیں کیا۔

عمل حاضرات

مندرجہ ذیل ایک نایاب اور آسان عمل ہے۔ سحر اور آسیب زدہ پر حاضرات کرکے ہر طرح کی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔ حاضرات کرنے کی تفصیل ہماری کتب ''رموز خاتم سلیمانی۔ مصباح الارواح۔ کلیدِ رموز مخفی'' میں درج ہیں۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دس یوم روزانہ عشاء کے بعد پانچ ہزار مرتبہ ہیں۔ پھر دس یوم چار ہزار مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ پھر دس یوم تین ہزار مرتبہ روزانہ

پڑھیں۔ پھر دس یوم پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ اس طرح ایک چلہ مکمل کریں۔ عمل کی عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَجِبْ یا جِبْرَائِیْلُ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

جن کی حاضری کا عمل

رات بارہ بجے منہ قبلہ کی طرف کر کے روزانہ پانچ ہزار مرتبہ پڑھنا ہے۔ اکیس رات کے بعد اثرات واضح ہونا شروع ہوں گے۔ اکتالیسویں رات مقصد پورا ہوگا۔ عہد و پیماں لے کر دوبارہ حاضری کا طریقہ بھی پوچھ لیں۔ جو عمل پڑھنا ہے وہ یہ ہے۔

یافَقَطُوشِ حاضر شود

تسخیر رُوح کا عجیب عمل

ثابت یا ذوجسدین ماہ میں نوچندے سوموار سے شروع کریں۔ اپنے سامنے دھکتے ہوئے انگارے رکھیں۔ اور ان پر گوگل ڈالتے جائیں تاکہ دھواں منقطع نہ ہو۔ اور بلا تعداد (لَیْدَعَ سَمُدَیُوُعِ) پڑھتے رہیں۔ دھوئیں کو بغور دیکھتے ہوئے۔ اور آواز کو غور سے سنتے رہیں۔ جس وقت آتش بازی کی چرخی چھوٹنے جیسی تیز آواز ہو کھڑے ہو جائیں۔ زیادہ گوگل ڈال کر کھڑے ہو جائیں۔ ساتویں روز مختلف اشکال آ کر گفتگو کریں گی۔ اُن کی کسی بات کا جواب نہ دیں۔ جو شکل دھوئیں سے پیدا ہو تبدیلی شکل نہ کرے اس سے بات کریں۔ پڑھنے کی مدت، جب چرخی جیسی آواز آ جائے ختم کر دیں۔ جس دن زیادہ زور کی آواز آئے، اس دن برہنگی کی حالت میں

کھڑے ہو جائیں۔ اور اُس رُوح سے عہد و پیماں لیں۔

انتہائی سکون اور خاموش مقام کی ضرورت ہے۔ کیونکہ ابتدائی دنوں میں سُر رسُیر رکی آواز جس پر عمل ختم کر کے کھڑے ہونا ہے۔ بہت دھیمی ہو گی۔ ذرا سا بھی شور ہوا تو احتمال ہے کہ سُر رسُیر ر ہو جائے اور عامل کو سنائی نہ دے۔ اصل شکل دھوئیں سے بنے گی جو تدریجی جسامت کو بڑھائے گی۔ اور مکمل انسانی صورت اختیار کرے گی۔ اور پھر آپ سے گفتگو کرے گی۔ قبل ازیں زور کی سُر رسُیر رکی آواز آئے گی۔

تسخیر ہمزاد کا عجیب عمل

اپنے نام سے پہلے (یا) کا اضافہ کریں۔ اور اپنے نام کے اعداد کے مطابق روزانہ اپنا ہی پڑھیں۔ عمل نصف رات کے وقت پڑھیں اور اپنے پیچھے خوشبودار تیل کا چراغ روشن کر کے رکھیں اور اپنے سائے کی گردن پر نظر جما کر پڑھیں اکیس روز میں سایہ میں حرکت پیدا ہو جائے گی۔ اکتالیس یوم میں ہمزاد تسخیر ہو جائے گا۔

تسخیر ہمزاد

مندرجہ ذیل عمل روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھا جائے اور چراغ پشت کے پیچھے جلا کر رکھیں اور اپنے سائے کی گردن پر نظر رکھیں۔ اکیس روز کے بعد سایہ میں حرکت پیدا ہو جائے گی اور اکتالیس روز میں ہمزاد سامنے آجائے گا۔ عہد و پیماں کر کے دوبارہ حاضری کا طریقہ پوچھ لیں۔ عمل یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اُحْضَرُوْ يَاهَمْزَادُ لِلْمُسَخَّرَاتِ بِحَقِّ

یَابَدُّوحُ۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم۔ قُلۡ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۔اللّٰهُ الصَّمَدُ۔ لَمۡ يَلِدۡ وَلَمۡ يُولَدۡ ۔ وَلَمۡ يَكُن لَّهُ كُفُواً أَحَد۔

تسخیر ہمزاد بذریعہ آیت قرآنی

بعد نمازِ عشاء روزانہ (۴۴۴) مرتبہ مندرجہ ذیل عمل پڑھیں اور اکیس یوم تک پڑھیں۔ عمل خلوت میں پڑھیں۔ ہمزاد حاضر ہو کر تابعداری کرے گا۔ انشاء اللہ عمل کی عبارت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡم۔ اَلَّذِىۡ يُوَسۡوِسُ فِىۡ صُدُوۡرِ النَّاس۔ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاس۔ یاھمزاد حاضر شو، حاضر شو، حاضر شو۔

اپنی رُوحانیت کو قوی اور مسخر کرنے کا نایاب طریقہ

اپنے نام معہ والدہ کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں۔ مجموعہ اعداد کو ابجد اعظم سے نطق کریں اور آگے حروف مشتری کے حروف کا اضافہ کریں حروف مشتری یہ ہیں۔ (ھ، و، ز، ح) اور آخر میں (ائیل) کا اضافہ کریں۔ اور اپنے نام معہ والدہ کے اعداد کے مطابق روزانہ نمازِ عشاء کے بعد پڑھیں۔ اکیس سے اکتالیس یوم تک پڑھیں۔ دوران ریاضت ہولناک اشکال ظاہر ہوں گی۔ آخر یوم آپ کی روحانیت مسخر ہو گی۔

ابجد قمری یہ ہے

ز	و	ھ	د	ج	ب	ا
۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱

ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
ت	ث	خ	ز	ض	ظ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

اس ابجد سے اپنے نام معہ والدہ کے اعداد نکالنے ہیں۔اور اعداد کے مجموعہ کو ابجد اہطم سے نطق کرنا ہے پھر حروف مشتری کا اضافہ کر کے آگے ائیل لگانا ہے۔

ابجد اہطم یہ ہے

ا	ہ	ط	م	ف	ش	ذ
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰
د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

حروف اور کواکب کی جدول یہ ہے

کواکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتش	ا	ھ	ط	م	ف	ش	ذ
باد	ب	و	ی	ن	ص	ت	ض
آب	ج	ز	ک	س	ق	ث	ظ
خاک	د	ح	ل	ع	ر	خ	غ
مرکبات	ابجد	ھوزح	طیکل	منسع	فصقر	شتثخ	ذضظغ

اَب ایک مثال سے سمجھا دیتے ہیں تا کہ آپ کے لیے آسانی رہے۔ مثلاً

مدثر نذیر چاہتا ہے کہ اپنی رُوحانیت کو مسخر اور قوی کرنا چاہتا ہے تو

مدثر نذیر کے اعداد ابجد قمری سے نکالے۔

م	د	ث	ن	ذ	ی	ر
۴۰	۴	۵۰۰	۵۰	۷۰۰	۱۰	۲۰۰

کل اعداد۔۱۷۰۴

اب ان اعداد۔۱۷۰۴۔کو ابجد اعظم سے نطق کیا

م۔ع۔غ۔تو یہ حروف برآمد ہوئے۔حروف مشتری کا اضافہ کیا تو

م۔ع۔غ۔ھ۔و۔ز۔ح۔ہوئے۔ائیل کے اضافہ سے روحانیت یہ

بنی۔(مَعْغَھُوْزَحَائِیْلُ) اور پڑھنے کے لیے عزیمت یہ تیار ہوئی۔

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ یَامَعْغَھُوْزَحَائِیْلُ اَطِیْعُوْابِحَقِّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ۔

اپنی رُوحانیت کو مسخر کرنے کا خاص صدری راز

اپنی رُوحانیت کو مسخر کرنے کا یہ صدری راز آج ہم "بحر اعمال مخفی" میں ظاہر کر رہے ہیں۔ یہ اپنی مثال آپ ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام کے اعداد ابجد قمری سے نکالیں۔ اور مجموعہ کو یاد رکھیں۔ پھر اپنے نام کو بسط کریں اور ہر حرف کے اعداد ابجد عربی عددی سے نکالیں۔ اور مجموعہ کو فی نفسہ ضرب دیں۔ اَب کل اعداد سے (۴۱) عدد نفی کریں۔ جو اعداد باقی بچیں۔ ان اعداد کو ابجد قمری سے نطق کریں۔ اکائی، دھائی، سینکڑہ، ہزار تک حروف استخراج کریں۔ اعداد زیادہ ہونے کی صورت میں پھر سے اکائی، دھائی، سینکڑہ، ہزار تک حروف استخراج کریں اور آخر میں (ائیل) کا اضافہ کر دیں۔ اسم موکل جو آپ کی ذاتی رُوحانیت ہے۔ برآمد ہوگا۔ اَب اس کی عزیمت تیار کریں۔ اور اپنے نام کے ابجد قمری کے مجموعہ کے مطابق روزانہ عشاء کے بعد پڑھیں۔ اور اپنے نام کے اعداد آپس میں جمع کریں۔ جو عدد برآمد ہوگا۔ یہ پہلے چلہ کے ایام کی تعداد ہوگی۔ اس طرح تین چلے مکمل کریں۔ تو یہی رُوحانیت آپ کے لیے ہمزاد کی طرح معاونت کرے گی۔ ہم تمام طریقہ لکھ دیا ہے۔ اہل علم اس طریقہ سے اپنی رُوحانیت استخراج کر سکتا ہے۔ مگر ہم پھر بھی ایک مثال سے سمجھا دیتے ہیں تا کہ ہر خاص و عام اس صدری راز سے فیض حاصل کر سکے۔ مثلاً

شفیع الدین۔۔۔ اپنے رُوحانیت کو مسخر کرنا چاہتا ہے۔

شفیع الدین۔۔۔ کے اعداد قمری نکالے۔

حروف: ش۔ف۔ی۔ع۔ا۔ل۔د۔ی۔ن۔ کل حروف۔ 9

اعداد: ۳۰۰۔۸۰۔۱۰۔۷۰۔۱۔۳۰۔۴۔۱۰۔۵۰۔کل اعداد۔۵۵۵

اب ہر حرف کے اعداد ابجد عربی عددی سے حاصل کئے۔

ش	ف	ی	ع	ا	ل	د	ی	ن
ثلاثہ مائیہ	ثمانین	عشرہ	سبعین	احد	ثلثین	اربعہ	عشرہ	خمسین
۱۳۹۲	۶۵۱	۵۷۵	۱۹۲	۱۳	۱۰۹۱	۲۷۸	۵۷۵	۷۶۰

کل اعداد عربی عدد۔۵۶۲۷ حاصل ہوئے۔اب ان کو ضرب فی نفسہ دیا۔

۵۶۲۷x۵۶۲۷=۳۱۶۶۳۱۲۹ حاصل ہوئے۔

۳۱۶۶۳۱۲۹ سے (۴۱) نفی کئے تو باقی اعداد=۳۱۶۶۳۰۸۸ بچے

۳۱۶۶۳۰۸۸۔ان اعداد کو ابجد قمری سے قانون کے مطابق نطق کیا تو یہ

حروف برآمد ہوئے۔۳۱۶۶۳۰۸۸

اکائی	دہائی	سینکڑہ	ہزار	اکائی	دہائی	سینکڑہ	ہزار
۸	۸۰	۰	۳۰۰۰	۶	۶۰	۱۰۰	۳۰۰۰
ح	ف	x	ج غ	و	س	ق	ج غ

مؤکل یہ استخراج ہوا۔ حِفُجِغُوْ سِقِجِغَائِیْلُ

اور عزیمت یہ تیار ہوئی۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَا حِفُجِغُوْ سِقِجِغَائِيْلُ سَامِعًا مُطِيْعًا بِحَقِّ حضرت سلیمان بن داؤد علیہ السلام۔

اب اس عزیمت کو شفیع الدین اپنے نام کے اعداد قمری (۵۵۵) مرتبہ

روزانہ پڑھے۔ اور دنوں کی تعداد (۵+۵+۵=۱۵) پندرہ یوم کا ایک چلہ ہوگا۔ اس طرح تین چلے یعنی کل (۴۵) یوم ریاضت کرے۔ اور پھر روزانہ مدوامت کے طور پر پندرہ مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے۔ یہ رُوحانیت ہمزاد کی طرح معاونت کرے گی۔

اعراب لگانے کا طریقہ

حکماء نے آتشی حروف کو (پیش) دی ہے کیونکہ آتشی علو فوقی ہے اور حروف بادی کو (زبر) دی ہے، کہ ہوا کو علو سفلی حاصل ہے اور حروف آبی کو (زیر) دی ہے۔ کیونکہ طبعیت آب میں پستی ہے۔ اور حروف خاکی کو سکون (جزم) دیا ہے کہ خاک ساکن ہے۔ اعراب لگانے کے لیے یہ جدول ہے۔

جدول

عناصر	علامت	مرکب	حروف
آتش	پیش	اهطم فشذ	ا۔ ھ۔ ط۔ م۔ ف۔ ش۔ ذ
باد	زبر	بوین صتض	ب۔ و۔ ی۔ ن۔ ص۔ ت۔ ض
آب	زیر	جزکس قشظ	ج۔ ز۔ ک۔ س۔ ق۔ ث۔ ظ
خاک	جزم	دحلعرخغ	د۔ ح۔ ل۔ ع۔ ر۔ خ۔ غ

اگر خاکی حرف شروع میں آجائے تو اُس جزم کی بجائے (زیر) دیا جائے گا۔ اَب ہم عربی عددی کی جدول بھی درج کر رہے ہیں تا کہ آپ کے لیے آسانی رہے۔ جو یہ ہے۔

ا	ب	ج	د	ھ	و	ز

احد	اثنین	ثلاثہ	اربعہ	خمسہ	ستہ	سبعہ
۱۳	۶۱۱	۱۰۳۶	۲۷۸	۷۰۵	۴۶۵	۱۳۷
ح	ط	ی	ک	ل	م	ن
ثمانیہ	تسعہ	عشرہ	عشرین	ثلاثین	اربعین	خمسین
۶۰۶	۵۳۵	۵۷۵	۶۳۰	۱۰۹۱	۳۳۳	۷۶۰
س	ع	ف	ص	ق	ر	ش
ستین	سبعین	ثمانین	تسعین	مائہ	مائتین	ثلاثہ مائہ
۵۲۰	۱۹۲	۶۵۱	۵۹۰	۲۵۶	۵۰۱	۱۳۹۲
ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
اربعہ مائہ	خمسہ مائہ	ستہ مائہ	سبعہ مائہ	ثمانیہ مائہ	تسعہ مائہ	الف
۷۳۴	۱۱۲۱	۹۲۱	۵۹۳	۱۰۹۲	۹۹۱	۱۱۱

تسخیر ہمزاد کا مستند اور نایاب عمل

شب نوچندی جمعرات کو عمل شروع کریں۔ پاک وصاف علیحدہ کمرہ میں نماز عشاء کے بعد قبلہ رخ ہو کر اپنے پیچھے روغن تلی کا چراغ روشن کر کے رکھیں اور ہمزاد کے کامل تصور کے ساتھ اپنے سائے کی گردن پر نظر جما کر ایک گھنٹہ روزانہ پڑھیں۔ اس عمل پڑھائی کی تعداد مقرر نہیں ہے وقت مقرر ہے۔ روزانہ ایک ہی وقت

میں پڑھیں۔ نویں دن سے اثرات ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ مگر عمل ریاضت چالیس روز مکمل کریں۔ اکتالیس روز ہمزاد سامنے حاضر ہو جائے گا عہدہ پیماں لیں۔ اور ریاضت کے بعد عمل کی عبارت کو روزانہ صبح و شام کم از کم تین بار پڑھتے رہیں۔ تاکہ عمل قابو میں رہے۔ یہ ہمزاد عامل کی ہر جائز کاموں میں معاونت کرتا ہے۔ ضروری ہے کہ کسی ماہر عامل کامل کی اجازت اور نگرانی میں عمل کیا جائے تاکہ رجعت سے محفوظ رہیں۔ عمل کی عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ یَاسَمِیْعُ یَابَصِیْرُ سَخِّرْلِیْ ھَمْزَادُ بِحَقِّ یَاجِبْرَائِیْلُ وَسَخِّرْلِیْ ھَمْزَادُ بِحَقِّ یَادَرْدَائِیْلُ وَسَخِّرْلِیْ ھَمْزَادُ بِحَقِّ رَفْتَمَائِیْلُ وَسَخِّرْلِیْ ھَمْزَادُ بِحَقِّ یَاتَنْکَافِیْلُ اُحْضَرُوْ، اُحْضَرُوْ، اُحْضَرُوْ، اُحْضَرُوْ، ھٰذَالْوَقْتُ وَ اُحْضَرُوْ مِنَ الْوَقْتِ الْحَاجَتُ بِحَقِّ سُلِیْمَان بِنْ دَاؤُد عَلَیْہِ السَّلَام۔

تسخیر ہمزاد کا قرآنی مستند عمل

اساتذہ عاملین اس عمل کو مستند قرار دیتے ہیں۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ رات بارہ بجے روزانہ عمل شروع کیا جائے۔ اور اپنے پیچھے چنبیلی کے تیل کا چراغ روشن کر کے رکھیں اور اور اپنے سائے کی گردن پر نظر جما کر عمل کو ایک گھنٹہ تک پڑھیں۔ اور روزانہ وقت مقررہ پر عمل پڑھیں۔ اس عمل میں تعداد مقرر نہیں ہے وقت مقرر ہے۔ دوسرے ہفتہ میں سایہ میں حرکت پیدا ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ ایک چلہ میں ہمزاد کی تسخیر ہو جاتی ہے۔ عمل کی عبارت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَلَمْ تَرَاَلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّظِلَّ وَلَوشَاء

لِجَعَلَهُ سَاكِنًا ۔اُسْكُنْ يَاظِلُّ بِاذْنِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّار،اُسْكُنْ يَاظِلُّ بِاذْنِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّار،اُسْكُنْ يَاظِلُّ بِاذْنِ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّار۔

کھلی آنکھوں کا عمل کشف

12541 مرتبہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کا روزہ رکھ کر پڑھنا ہے پرہیز جلالی کے ساتھ۔فلم سامنے آئے گی۔عمل یہ ہے۔

"اِزِفَتِ آدر زفه۔لَيسَ لَهَامِنْ دُون الله كَاشِفه۔"

تسخیر موکل

سوا لاکھ مرتبہ پڑھ کر زکات ادا کریں۔موکل ہر کام کرے گا۔عمل یہ ہے۔

"يَاطَهُوُجُ وَطَيرَهُوُجُ اَجِبْ يَارُوُقِيَائِيلُ"

تسخیر ہمزاد

بعد از نماز عشاء (444) مرتبہ پڑھیں اور 21 یوم تک پڑھیں۔ہمزاد حاضر ہو کر تابع داری کرے گا۔کوئی پرہیز اور دن مقرر نہیں ہے۔جس دن دِل چاہے شروع کریں۔عمل یہ ہے۔

اَلَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُرِالنَّاسِ۔مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ۔ياهمزاد حاضر شو، حاضر شو، حاضر شو۔

ملاقات حضرت خضر علیہ السلام

دو گدیاں خوبصورت پاک وصاف روئی اور کپڑے کی بنوائیں۔ ایک اپنے لیے اور ایک حضرت خضر کے لیے ملنے نہ پائیں۔ پھر دو رکعت نماز نفل پڑھیں جس میں سات مرتبہ سورہ کوثر پڑھیں۔ پھر گدی سامنے رکھ کر مندرجہ ذیل عمل (1100) گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر سو، سو مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ اور گیارہ روز تک عمل جاری رکھیں۔ عمل یہ ہے۔

یا خواجہ یا خضر یا مہتر الیاس

برائے ترقی علوم

ایک ہفتہ کے روزے رکھیں، جلالی و جمالی پرہیز کریں۔ اور پھر مندرجہ ذیل اسماء کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ اکیس روز مکمل کریں۔ مقصد پورا ہوگا۔

”سُمَیُدَیَدُ عٍ هَلُیَهُوُنِ لَاالَهُوُن دَمُدَعُوُثٍ هَاجَنِیُ فَتِیُثَاهَیُلُوُبٍ

گیارہ بار درود شریف پڑھیں پھر تین مرتبہ مندرجہ ذیل عبارت پڑھیں۔

”اَللّٰهُمَّ اَکُشِفُ عَنُ قَلُبِیُ حِجَابَ الُغَفُلَةِ وَعَلِّمُنِیُ مَالَمُ اَکُنُ وَبَیِّنُ لِیُ مِنُ کُلِّ مَااَشُئَلُ عَنُهُ یَامَنُ لَااِلٰهَ اِلَّاهُوُ وَلَامَعُبُوُدَ سِوَاهُ۔

پھر آخر میں بھی گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

پوری ہوگی۔ رباعی یہ ہے۔

یَا لَطِیْفُ لُطف کُنْ بَرمَنْ طفیلِ مصطفیٰ
یَا کَرِیْمُ کَرم کُنْ بَرمَنْ طفیلِ مُرتضیٰ
بارشِ جُودو کَرم کُنْ صدقہِ حسن و حسین
یَا رَحِیْمُ رحم کُنْ بَرمَنْ برائے فاطمہ

☆☆☆☆☆

باب۔7

ہر قسم کی بندش لگانے کے مجرب اور نایاب اعمال

زانی مرد پر بندش لگانا

جو مرد کسی سے زنا کرتا ہو تو اس پر بندش لگانے کے لیے یہ اسماء آپ اپنے ہاتھ پر لکھیں۔اور سات مرتبہ پڑھیں۔اور پھر اُس کو سلام کریں۔اُس کی مردانہ طاقت بستہ ہو جائے گی۔اسماء یہ ہیں۔

جَیْم ، جَبَالِ ، جَعَقْ ، لَعَقْ ، تَوَکَّلُوا یَاخُدَّام ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ بِعَقْدِ ذِکْرُ فلاں بن فلاں عَلٰی فروج بناتِ حوّا۔

عمل بندش

اس عمل سے کشتی پہلوان۔کاروبار۔چکی۔انجن کنواں۔آگ وغیرہ کو باندھا جا سکتا ہے۔چاند کی پندرہ تاریخ سے عمل سورہ کوثر 555 مرتبہ بعد نمازِ عصر 21 یوم پڑھیں۔اس کے بعد سات مرتبہ ورد میں رکھیں۔جب کسی چیز کو بند کرنا ہو تو 41 مرتبہ عمل پڑھ کر خالی (ھو الابتر۔ھو الابتر۔ھو الابتر۔) کو 101 مرتبہ پڑھ کر پھونک مار دو۔وہ چیز بند ہو جائے گی۔اس عمل سے لاؤڈ اسپیکر بھی بند ہوتے ہیں اور آگ بھی بند ہو جاتی ہے میدان، کشتی، گھوڑ دوڑ۔کاروبار۔چکی۔انجن وغیرہ سب کچھ باندھا جا سکتا ہے۔عمل سورہ کوثر اس طرح پڑھنا ہے۔

"منداں سورہ کوثرانااعطیناك الکوثر۔فصل ربك وانحر اناشانئك ھوالابتر۔"

کھولنے کے لے اس طرح پڑھیں۔

"کھولاں سورہ کوثرانااعطیناك الکوثر۔فصل ربك وانحر اناشانئك ھوالابتر۔"

اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں کھل جائے گی۔مٹی پر بھی یہ عمل کام کرتا ہے۔

ہر قسم کی بندش کے لیے

ان اسماء کو اپنے سیدھے ہاتھ پر لکھیں اور پھر ایک سو (۱۰۰) مرتبہ اِن کو پڑھیں اور اپنے مقصد کا اظہار بھی کریں۔اور پھر اُس کو سلام کریں۔پس اُس کی شہوت پر بندش لگ جائے گی۔وہ کسی عورت سے جماع نہ کر سکے گا۔اسماء یہ ہیں۔

کُوکَعٍ ، کُوکَعٍ ۔ تَوَکَّلُوا بِعَقَدُ ذَکَرُ فلاں بن فلاں عَلٰی فروج بناتِ حوا۔

کسی کے نکاح کی بندش کرنا

اپنے منہ میں موم ڈال کر منہ کو خوب بند کریں اور ایک سانس میں نقش تحریر کریں اور پھر اس تعویذ کو دو پختہ اینٹوں کے درمیان رکھ کر موم جامہ کر کے اوپر بارہ گز رَسی سے خوب باندھ دیں۔اور کسی کنویں میں ڈال دیں۔ہر گز نکاح نہ ہو سکے۔یہ

ایک ایسا عمل کہ اگر کسی کے نکاح کی تاریخ مقرر بھی ہو چکی ہو تو، ایک روز قبل عمل کر دیں تو بھی نکاح نہ ہو سکے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

یاصبور	یاصبور	یاصبور	یاصبور
یاصبور	یاصبور	یاصبور	یاصبور
یاصبور	یاصبور	یاصبور	یاصبور
یاصبور	یاصبور	یاصبور	یاصبور

بستم نکاح فلاں بنت فلاں علیٰ جملہ رجال سوائے فلاں بن فلاں بستم نکاح دائماً ابداً۔

خواب بندی برائے محبت کا مجرب نقش

حروفِ صوامت کے اعداد: ۵۴۳

قانون کے اعداد: ۴۳۵

نام مطلوب معہ والدہ کے اعداد:

نام طالب معہ والدہ کے اعداد:

تمام اعداد کے مجموعہ سے عدد: ۱۵ تفریق کریں اور باقی اعداد کو ۳ پر تقسیم کریں۔ اور حاصل تقسیم کو خانہ اول میں رکھ کر نقش مثلث پر کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر سات میں کسر کا اضافہ کریں۔ اگر باقی دو بچے تو کسر خانہ نمبر چار میں ڈالیں۔ ایسے دو عدد نقش تحریر کریں ایک نقش کسی وزنی چیز کے نیچے رکھ دیں اور ایک نقش طالب

اپنے تکیہ کے نیچے رکھے۔ اور نقش کے نیچے مندرجہ ذیل عبارت لکھیں۔

احدرسص طعک لموہ یاحرا کیل بستم بستم بستم خواب و نیند

نام مطلوب معہ والدہ فی غرض و حق فی المحبت والمودۃ نام طالب معہ والدہ

بحق یاقابض دائماً ابداً۔

نقش مثلث کی خاکی رفتار یہ ہے۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

شہوت بستہ کرنے کا نوری عمل

اول ایک کالے مرغے یا کالی بھیڑ کی آنت لیں۔ (آلت نہیں) اِسے دھو کر صاف کرلیں۔ اِسے سامنے رکھ کر ایک طرف گانٹھ لگادیں۔ اَب مطلوبہ لوگوں کا کامل تصور کر کے کسی نحس وقت میں یہ آیت مبارکہ

قَالُوا يَا ذَا الْقَرْنَيْنِ إِنَّ يَأْجُوجَ وَمَأْجُوجَ مُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجاً۔ (سورہ کہف آیت نمبر 94)

عقدت ذکر فلاں بن فلاں (نام مرد) بر فرج فلاں بنت فلاں (نام عورت) بستم۔

اگر ایک عورت پر کئی مردوں کو بند کرنا ہو تو

عقد ذکور جمیع الناس بنی آدم بر فرج فلاں بنت فلاں (نام عورت) بستم۔

اگر ایک مرد کو کئی عورتوں پر باندھنا ہو تو

زبان بندی کا طلسم

اگر کوئی آپ کے خلاف ہو، حسد کرتا ہو اور لوگوں میں آپ کے خلاف باتیں کرتا ہو۔ آپ چاہیں کہ وہ آپ کے خلاف نہ بولے۔ تو مندرجہ ذیل طلسم کسی کاغذ پر لکھیں اور اسے کسی وزنی چیز کے نیچے رکھ دیں یا کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔ مخالف کبھی بھی آپ کے خلاف نہ بولے گا۔ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ یَابُدُّوْحُ، یَابُدُّوْحُ، یَابُدُّوْحُ، کلیدِ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، بَرْ حَالَش مُحَمَّدُ رَسُوْلُ اللّٰہ، وبَرْ زبانش عصائے مُوسیٰ، وَبَرْ جگرش عصاءِ وَمہتر سلیمان دَرُ دھانس بَسْتَمْ زبان و دِل وھوش (فلاں بن فلاں) درغرض وحق فی المحبت والمودۃ (فلاں بن فلاں) تامن نکشائم کَسے نکشائید بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّحِمِیْنَ۔

زبان بندی برائے حب کا خاص الخاص مجرب ترین عمل

زبان بندی کے لیے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ پہلے موم سے مطلوب کا ایک پتلا تیار کریں۔ اور چند سوئیاں بالکل نئی لیں۔ ایک سوئی پر مندرجہ ذیل عمل ایک مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ اور پتلے کے ایک کان میں گاڑ دیں۔ اور دوسری سوئی پر پڑھ کر دَم کریں اور پتلے کے دوسرے کان میں گاڑ دیں۔ اور اسی طرح تیسری سوئی پتلے کے دونوں ہونٹوں میں گاڑ دیں۔ اسی طرح ایک ایک سوئی دونوں ہاتھوں اور ایک ایک سوئی دونوں پاؤں میں، ایک ایک سوئی دونوں آنکھوں میں، اور ایک ایک سوئی دِل میں اور ایک سوئی دماغ میں گاڑ دیں۔ اور پتلے کو اپنی چارپائی کے نیچے دفن کر دیں۔

ایسا ممکن نہ ہو تو پتلے کو کسی قبر میں دفن کر دیں۔ مطلوب کبھی بھی آپ کے خلاف نہ بولے گا۔ اور ہمیشہ مطیع و فرمانبردار رہے گا۔ عمل یہ ہے جو سوئیوں پر پڑھ کر دم کیا جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ بستم بستم (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں) تا نہ بیند کَسے رَا۔ بَسْتَمْ بَسْتَمْ ہر دو گوش (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں) سُخن کَسے نہ شود۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ ہر دو چشم بَسْتَمْ بَسْتَمْ (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں) تا نہ بیند کَسے رَا۔ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔ بَسْتَمْ بَسْتَمْ زبان (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں) تا بہ کَسے خبر نہ گوید۔ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔ بَسْتَمْ بَسْتَمْ ہر دو دست (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں) بَسْتَمْ بَسْتَمْ دِل و جان (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں)۔ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ۔ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ۔ بَسْتَمْ بَسْتَمْ خواب (فلاں بن فلاں) دَر محبت (فلاں بن فلاں)۔

☆☆☆☆☆

باب۔8

ہر قسم کی بندش ختم کرنے کے مستند اعمال

سحر جادو بندش اور آسیبی اثرات ختم کرنا

مندرجہ ذیل نقش لکھیں۔ اور اسے حقے کے پانی میں گھول کر مریض کے گھر میں چھڑک دیں۔ اور اسی پانی سے مریض کو غسل کرنے کی ہدایت کریں۔ اور ایک مریض رات کو سوتے وقت اپنے سارے بدن پر ملے اور پھر اپنے تکیہ کے نیچے رکھ کر سو جائے۔ صبح اس نقش کو اپنے سامنے زمین پر رکھے اور سات جوتے مارے اور پھر اسے آگ لگا کر جلا دے۔ ہر طرح کی بندش سحر جادو اور آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے۔ خواہ کتنے ہی پرانے کیوں نہ ہوں۔

لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد
لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد
لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد
لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد	لشکر فرعون غرق شد

ابلیس تلبیس نمرود مردود شداد بے داد، فرعون بے عون، قارون ملعون، ہامان بے سامان، شیطان بے ایمان، ابو جہل لعین، ہاروت و ماروت و سامری بنام ایں لعیناں آسیب و سحر جادو، ٹونہ و بندش سفلی وعلوی نظر بد، و ہمہ قسم اثراتِ بد، در بحر غرقاب شد۔

۷۸۶

۱۵۵۸	۱۵۶۱	۱۵۶۵	۱۵۵۱
۱۵۶۴	۱۵۵۲	۱۵۵۷	۱۵۶۲
۱۵۵۳	۱۵۶۷	۱۵۵۹	۱۵۵۲
۱۵۶۰	۱۵۵۵	۱۵۵۴	۱۵۶۶

سحر جادو اور بندش کا آسان علاج

سحر جادو اور بندش کا یہ بڑا آسان عمل ہے اور اپنے اثرات میں قوی الاثر اور سریع التاثر ہے۔ یہ عمل سورہ فاتحہ باموکل کا عمل ہے۔ سحر جادو بندش کے علاوہ ہر ذہنی، جسمانی اور رُوحانی امراض کے علاج کے لیے بھی اسے استعمال کیا جاسکتا ہے۔ سحر جادو بندش اور ذہنی، جسمانی ورُوحانی اور نفسیاتی امراض کے علاج کے لیے روزانہ ستر مرتبہ ایک بوتل پانی پر پڑھ کر دَم کریں۔ اور مریض ہر تین گھنٹہ بعد اس بوتل سے چند گھونٹ پانی پیتا رہے۔ مریض دن بدن صحت یاب ہوجاتا جائے گا۔ اکیس یوم مسلسل علاج سے مریض مکمل صحت یاب ہوجائے گا۔ سورہ فاتحہ باموکل کا عمل یہ ہے۔

"بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم ۔اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَعْشَرُ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِيَّةِ وَالْمُوَكِّلِيْن بِهٰذِهِ السُّوْرَةِ بِحَقِّ يَاجِبْرَائِيْلُ ۔الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ۔اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَامَلِكَ الْمُوَكَّلَ بِهٰذِهِ الْاٰيَاتُ اَجِيْبُوْا دَاعِىَ اللّٰهُ وَبِحَقِّ يَامِيْكَائِيْلُ ۔اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ

علیقاً ملیقًا تلیقًا انت تعلم مافی قلوبھم۔ھامان ،شداد، ابلیس، نمرود، شیطان،قارون علیھم لعنت۔ جو کچھ بھی (فلاں بن فلاں) پر جن جادو ،دیو، پری، شیطان سایہ نظر بد، ہر چیز کے بداثرات ختم ہوں اور اس فلیتہ میں حاضر ہو کر جل جائیں۔

جادو جنات کے علاج کا کراماتی عمل

کسی خوشبو دار تیل مثلاً چنبیلی یا گلاب کے عطر میں روغن زیتون ملا کر اس میں لہسن کی تین تریاں جلا کر اس روغن پر مندرجہ ذیل اسماء (یَاقَابِضُ ،یَاقَھَارُ،یَاجَبَّارُ) ایک تسبیح پڑھ کر دَم کریں۔اور ساتھ مرچ سیاہ اور اجوائن دیسی کچھ مقدار میں رکھیں اور اس پر بھی دَم کریں۔جادو جنات کے مریضوں کے لیے چٹکی بھر اجوائن اور مرچ سیاہ صبح وشام کھانے کو دیں۔اور روغن صبح وشام تھوڑا تھوڑا ناک کے دونوں نتھنوں میں لگانے کے لیے دیں۔انشاء اللہ پہلے دن سے شفا ہونا شروع ہو جائے گی۔کم از کم سات یوم اور زیادہ سے زیادہ اکیس یوم تک استعمال کرائیں۔اس عمل کی خصوصی اجازت مصنف سے حاصل کرنا اشد ضروری ہے۔

بھوت پریت اور جنات وآسیب کے لیے کراماتی روغن

یہ عمل قسم کے بھوت پریت اور جنات وآسیب کے لیے اپنی مثال آپ ہے اور کراماتی عمل ہے۔اور قوی الاثر اور سریع التاثیر ہے۔لاکھوں خرچ کرنے کے بعد بھی ایسا مجرب عمل تلاش کرنا مشکل ہے۔جو آپ کو "سحرِ اعمال مخفی" میں مل رہا ہے۔

فوری اثرات کا عمل ہے۔ اس عمل سے مسحور اور آسیب زدہ ہفتہ عشرہ میں ہی صحت یاب ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ عمل یہ ہے کہ

پچاس گرام لہسن۔ پچاس گرام ہیرا ہینگ۔ لیں اور آدھا کلو تلوں کا تیل لیں اَب لہسن چھیل کر اور ہیرا ہینگ کوٹ کر تلوں کے تیل میں ڈال دیں۔ اور تیل کو کسی کھلے منہ والے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ دونوں چیزیں تیل میں اچھی طرح جل جانے پر تیل کو فلٹر کریں۔ اور تیل کو اپنے سامنے رکھ کر اس پر مندرجہ ذیل عمل پڑھیں۔

آیت الکرسی ایک مرتبہ۔ سورہ فلق ایک مرتبہ۔ سورہ والناس ایک مرتبہ اور پھر ایک سو مرتبہ مندرجہ ذیل اسماء پڑھیں۔ (یَاقَابِضُ یَاقَہَارُ یَاجَبَّارُ) بس دافع جنات و آسیب روغن تیار ہے۔ آسیب زدہ مریض کے دونوں نتھنوں میں روزانہ ایک ایک قطرہ لگا دیں۔ ایک ہفتہ عشرہ کافی ہے۔ اگر مریض پر حاضر آسیب کو بھگانا چاہیں تو ایک ایک قطرہ روغن اُس کے نتھنوں میں لگا دیں۔ آسیب بھاگ جائے گا۔ یہ ایک صدری راز تھا جو آج ظاہر کر دیا گیا ہے۔ مریض کے گلے میں مندرجہ ذیل نقش لکھ کر ڈال دیں اور یہی نقش روزانہ پینے کو دیں کم از کم گیارہ روز تک مریض پانی میں ڈال کر اس نقش کو پیتا رہے۔ نقش یہ ہے۔

یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار
یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار
یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار	یاقہار

جن اور آسیب نکالنے کا خاص عمل

جس فرد کے جسم میں جنات اور آسیب حلول کر گیا ہو اُس فرد کے سیدھے ہاتھ پر یہ الفاظ لکھیں۔ اور اُس کو کہیں کہ وہ اپنا ہاتھ دیکھے۔ پس وہ جن اور آسیب اُسی وقت اُس فرد کے بدن میں حاضر ہو کر بات چیت شروع کر دے گا۔ اُس فرد کے بدن سے نکل جانے کا حکم دیں۔ وہ چلا جائے گا۔ واضح رہے یہ دراصل یہ الفاظ جنات کے جنگجو قبائل کے سرداروں کے اسماء ہیں۔ تمام زمین کے جنات اس سے ڈرتے ہیں۔ الفاظ یہ ہیں۔ یاطوس یا طمیس

آسیب کو جلانے کا مجرب فلیتہ

کسی سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل فلیتہ تحریر کریں اور پھر کسی نئے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر آسیب زدہ کے سامنے روشن کریں تا کہ آسیب زدہ اسے دیکھتا رہے۔ سات راتوں تک مغرب اور عشاء کے دوران چراغ روشن کریں۔ انشاء اللہ آسیب چراغ میں حاضر ہو کر جل جائے گا۔ فلیتہ یہ ہے۔

ابوجہل	نمرود	فرعون	شداد
ہامان	ہاروت	ماروت	قارون
جوج	ماجوج	عزازیل	ابلیس
جنود	ابلیس	اجمعون	علیہ لعنت

ہر چہ آسیب دَر وجود (فلاں بن فلاں) خاکستر و سوختہ شود دائماً ابدا

آسیب زدہ کے لیے دھونی

مندرجہ ذیل نقش کسی سفید کاغذ پر لکھیں اور اس کا فلیتہ بنا کر اس پر سوتی کپڑا لپیٹ کر آسیب زدہ کو روزانہ مغرب کے بعد دھونی دیں۔ ہفتہ عشرہ کے علاج سے مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

ابلیس	فرعون	هامان	شداد	لعین
ابلیس	فرعون	هامان	شداد	لعین
ابلیس	فرعون	هامان	شداد	لعین

ہر چہ آسیب دَر وجود (فلاں بن فلاں) خاکستر و سوختہ شود

آسیب و شیاطین کو جلانے کا مجرب عمل

اس فلیتہ کو کسی سفید کاغذ پر لکھیں اور اوپر روئی لپیٹ کر کورے مٹی کے چراغ میں سرسوں کا تیل ڈال کر مغرب اور عشاء کے درمیان مریض کے سامنے روشن کریں۔ تا کہ آسیب زدہ اسے دیکھتا رہے۔ سات راتوں تک مسلسل یہ عمل کریں۔ انشاءاللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

علیقاً، ملیقاً، طلیقاً اَنْتَ تَعْلَمُ مَافی قُلُوبِهِمْ نمرود، هامان، فرعون، شداد، ابوجهل، من جنود ابلیس اجمعون، هر چه آسیب و شیاطین در بدن مریض دریں چراغ خاکستر شود

مسان کیا ہے اور سفلی عامل شمشان گھاٹ پہ جا کر سفلی عمل کیوں پڑھتے ہیں۔ آخر سفلی ارواح ہیں کیا چیز؟ اور اس کا قرآنی و نورانی علاج کیا ہے؟

اردو میں مسان کی مڑی اور مسانی بھی کہا جاتا ہے، یہ کوئی عورت نہیں ہے بلکہ یہ جس کو چمٹ جاتی ہے چھوڑتی نہیں ہے۔ اس لیے عورت سے منطبق خیال کیا گیا ہے۔ اور بہت سے عاملین کو اِس کا معلوم نہیں۔ کوئی مضبوط عامل ہو تو وہ قرآنی دَم اور تعویذات کے ذریعے ایسے مریض کا علاج کرسکتا ہے۔

مسان جس کو کھلایا جائے وہ مہلک امراض کا شکار ہو جاتا ہے، جس میں کینسر سرفہرست ہے۔ جس کے خاندان میں کالا یرقان یا کینسر کا نام نہیں تھا، آج ہر دسویں امیر و غریب کو یہ مرض ہے۔ یہ سب نوے فی صد سفلی علوم والوں کے کارنامے ہیں۔

مسان جس کو کھلایا، پلایا جائے تو اُس فرد میں سب سے عام بیماری معدے کا شدید دَرد ہے، جو سینے کے نیچے اور ناف کے اوپر والے حصے میں ہوتا ہے۔ پیٹ کا ایک خاص انداز میں باہر آنا اور لاکھ کوششوں کے باوجود واپس نہ جانا اِس کی ایک بڑی نشانی ہے۔

اکثر سیاہ الٹیاں، بدہضمی، پیٹ کی خرابی اور معدے میں شدید گیس کا ہر وقت رہنا، اکثر رات کو شدید درد سے معدے تک کانٹے چبھنا، زبان کا ذائقہ کڑوا رہنا، سر کا بھاری رہنا، چکر آنا، زبان پہ سفید یا پیلی تہہ جمنا بھی مسان کی خاص علامات

ہے۔ یہ مرض دورے کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے، جس سے مریض کے اعصاب متاثر ہو کر تشنج کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ مریض خوف ناک صورتیں مشاہدہ کرتا ہے، جس کو دیکھ کر وہ چلاتا، بڑبڑاتا ہے اور وہمی ہو جاتا ہے۔ تباہی اور مار دھاڑ کرتا ہے اور زمین پر گر جاتا ہے۔

اگر اِس کا بروقت علاج نہ کیا جائے تو مسان باطن میں ارواحِ بد سے تعلق قائم کر لیتا ہے۔ اور روز بروز نئے انداز سے ظاہر ہوتا ہے۔ اور مریض میں پاگل پن کی نئی نئی علامات ظاہر ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ مسان کا علاج قرآنی عملیات و تعویذات سے ہی کیا جاتا ہے۔

مسان کی بیماری بچوں کو بھی ہو جاتی ہے جسے بچوں کا آسیب سوکھا مسان اور پر چھاواں بھی کہا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے بچہ دودھ نہیں پیتا، بچے کا رنگ تبدیل ہو جاتا ہے۔ اور بچہ روز روز سوکھتا جاتا ہے۔ بعض اوقات یہ مرض پلید رُوح اور کرتب شیطانی کے اثر سے بھی ہو جاتا ہے۔ اور بعض اوقات اٹھہراہ اور مسان زدہ غلیظ عورت کے سایہ سے بھی ہو جاتا ہے۔ علمائے رُوحانیت نے اِسے بھی آسیب کے زمرہ میں شامل کیا ہے۔

بچوں کے مسان، سوکڑا پر چھاواں کا علاج

بچوں کے علاج کے لیے آدھا کلو سرسوں کا تیل لے کر اِس پر ایک ہزار مرتبہ (یَاقَہَّارُ) پڑھ کر دَم کریں اور اس تیل کی صبح و شام بچے کے پورے جسم پر مالش کی جائے۔ اور کم از کم چالیس روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ اس عمل سے تمام منفی

اثرات جل جائیں گے۔ دوسرا عمل یہ کریں کہ جن لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا عذاب نازل ہوا ہے۔ اُن قہر زدہ لوگوں کے نام ایک کاغذ پر لکھ کر بچے کے اُلٹے ٹخنے پر باندھ دیں۔ انشاءاللہ چالیس روز کے علاج سے بچہ تندرست وتوانا ہو جائے گا۔

بڑوں کے مسان جادو کا رُوحانی علاج

بڑوں کے علاج کے لیے خواہ مرد ہو یا عورت، جو اِس موذی مرض میں کسی طرح گرفتار ہو گئے ہوں۔ اُن کے لیے درودِ شفاء، سورہ فاتحہ اور آیات شفاء، کسی سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر ایک بوتل عرق گلاب یا آبِ زم زم میں ڈال دیا جائے تو مریض اِس سے دو، دو گھونٹ صبح دو پہر شام پیتا رہے۔ اور مریض روزانہ ایک ٹب پانی میں 25 گرام سمندری نمک اور ایک کپ دودھ اور ایک کپ عرق بادیاں ڈال دیں اس سے روزانہ ایک ہفتہ تک غسل کریں۔ اور روزانہ غسل کرتے وقت اپنے باتھ روم میں لوبان کا بخور جلائیں۔ یہ چیزیں آپ کے بدن کے مساموں سے منفی انرجی کو جذب کرتی ہیں، اور درودِ شفاء، سورہ فاتحہ، آیاتِ شفا آپ کے بدن کے اندر مثبت انرجی پیدا کرتے ہیں۔ اس طریقہ سے آپ کے جسم کے ہر رگ وریشہ سے مسان جادو کے بداثرات خارج ہو جائیں گے۔ اور بدن میں مثبت انرجی پیدا ہوگی۔ جس سے آپ مکمل صحت یاب ہو جائیں گے۔

سحر جادو اور ہر قسم کی بندش ختم کرنے کا مجرب نقش

مندرجہ ذیل نقش ہر قسم کے سحر جادو اور بندش کو ختم کرنے کے لیے مجرب ہے اور ایسے مردوں کے لیے بھی مفید ہے جن کے رشتے کی بندش بذریعہ سحر جادو کر دی گئی ہو۔ مندرجہ ذیل نقش کسی سفید کاغذ پر لکھ کر اس پر سیاہ رنگ کا سوتی کپڑا لپیٹ دیں اور مریض کو روزانہ اس کی دھونی دیں۔ کم از کم ایک ہفتہ تک ایسا کریں۔ انشاء اللہ ہر قسم کے سحر جادو اور بندش کے اثرات ختم ہو جائیں گے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الوان	الوان	الوان	الوان
الوان	الوان	الوان	الوان
الوان	الوان	الوان	الوان
الوان	الوان	الوان	الوان

اَللّٰھُمَّ احرق الشیاطین کلھم النار ہرچہ سحر جادو و بندش و نظر بد دَر وجود فلاں بن فلاں باشد سوختہ گردو و دفع شود دفع شود دفع شود

گھر سے دفن شدہ جادو تعویذات اور دفینہ معلوم کرنا

گھر میں دفن شدہ جادو، تعویذات یا دفینہ معلوم کرنے کا بہترین عمل ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ حسب ضرورت رائی لے کر اُسے اپنے سامنے رکھیں۔ اور پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک تسبیح پڑھیں پھر گیارہ

مرتبہ درود شریف پڑھیں اور رائی پر دَم کر دیں۔ پھر اس رائی کو اُس مکان، گھر یا جگہ یہاں جادو تعویذات یا دفینہ کا شک ہو، بکھیر دیں۔ یہ کام عصر کے وقت مغرب سے پہلے کریں۔ صبح اُٹھ کر رائی کی حالت دیکھیں۔ یا تو رائی اُسی حالت میں ہوگی جیسے آپ نے بکھیری تھی یا پھر رائی کسی ایک جگہ پر آپ کو اکٹھی جمع ملے گی۔ پس جس جگہ رائی جمع ملے اُسی جگہ جادو تعویذات دفن ہوں گے۔ وہاں سے زمین کھود کر دیکھیں آپ کو دفن شدہ جادو تعویذات ملیں گے نکال کر سورہ فلق والناس پڑھ کر دَم کر کے جاری پانی میں بہادیں۔ پڑھنے والا عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ عِنۡدَہٗ مُفَاتِیۡحُ الۡغَیۡبِ لَایَعۡلَمُھَا اِلَّاھُوَ۔

ہر قسم کے سحر جادو اور نحوست سیار گان ختم کرنا

مندرجہ ذیل نقش ہر قسم کی بندش۔ سحر جادو۔ آسیب اور نحوست سیار گان کے بداثرات کو ختم کرنے کے لیے بڑا قوی الاثر نقش ہے۔ اور طریقہ استعمال بھی بڑا آسان ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک نقش لکھ کر سائل کو دیں کہ وہ اپنے گلے میں پہن لے اور ایک نقش پانی میں گھول کر ایک ہفتہ تک صبح و شام پیتا رہے۔ اور ایک نقش پانی میں گھول کر اُس سے روزانہ غسل کرے۔ پینے والا نقش ایک ہفتہ تک پیتا رہے اور پھر نیاء نقش پانی کی بوتل میں ڈال دے اسے بھی حسب سابق ایک ہفتہ تک پیتا رہے۔ اس طرح چار ہفتے پینے والا نقش پیتا رہے۔ یعنی ایک نقش ایک ہفتہ تک پیتا رہے۔ اور غسل والا ایک نقش روزانہ استعمال کرے۔ اور ایک ہفتہ میں سات نقوش استعمال کرے۔ انشاء اللہ ہر قسم کی بندش، سحر جادو، آسیبی اثرات اور نحوست سیار گان ختم

ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۲۱۳۹	۲۱۳۶	۸
۲۱۳۷	۷	۲	۲۱۳۸
۶	۲۱۳۴	۲۱۴۱	۳
۲۱۴۰	۴	۵	۲۱۳۵

بابرکت نقش ہذا فلاں بن فلاں کے جسد وُرُوح سے ہر قسم سحر جادو، ٹونہ، آسیب اور نحوست سیارگان دفع شود

جادو اور جنات اور معدہ کے السر اور کینسر کا کامیاب روحانی علاج

اگر کسی کے معدہ میں السر یا کینسر ہو تو مندرجہ ذیل آیات مبارکہ لکھ کر اُس کے گلے میں بطور تعویذ ڈال دیں۔ اور یہی آیات پانی پر گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کو اکیس یوم تک پلائیں۔ یا پھر یہی آیات زعفران وگلاب سے لکھ کر روزانہ ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں۔

اگر کسی پر جنات یا جادو کے اثرات ہوں تو یہی آیات گیارہ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دَم کریں اور پانی کے چھینٹے مریض کے منہ پر ماریں اور کچھ پانی پلائیں۔ جنات اُسی وقت مریض کے بدن سے نکل جائیں گے۔ اور جادو کا اثر باطل ہو جائے

باب۔9

ہر قسم کے مجرب اور مستند حصار کے اعمال

حصار کیوں ضروری ہے؟

حصار ایک مفید ترین چیز ہے کوئی بھی عمل ہو خواہ وہ جمالی ہو یا جلالی ہو۔ عامل کو اپنا حصار کر لینا چاہیئے۔اور اگر عامل باموکل عمل کر رہا ہے تو پھر حصار کر لینا ضروری ہے تا کہ عامل دورانِ عمل جنات ،ارواحِ خبیثہ اور موکل وغیرہ کے حملوں سے محفوظ رہے۔حصار رُوحانی عملیات میں ایک اہم چیز ہے اور حصار کرنے کی ضرورت بار بار پڑتی ہے۔اس لیے حصار کی شرائط وقوائد سے بھی عامل کو واقفیت ہونی چاہیئے۔حصار کے بہت سے طریقے ہیں۔

دورانِ سفر بھی اپنا حصار کیا جا سکتا ہے۔تا کہ ایذا پہنچانے والے جانوروں سے حفاظت رہے اور مسافر حادثات سے محفوظ رہے۔سفر سے پہلے اگر تین مرتبہ آیت الکرسی اور ایک سو اکتیس مرتبہ ''یا سلام'' پڑھ کر اپنے اوپر دَم کر لیں گے تو اپنے وجود کا حصار ہو جائے گا،اور انشاءاللہ دورانِ سفر مختلف آفات سے حفاظت رہے گی۔

حصار دورانِ عمل اس لیے کیا جاتا ہے تا کہ جنات یا ارواحِ بد سے حفاظت رہے اور وہ دورانِ عمل عامل پر حملہ نہ کر سکیں۔

عمل باموکل میں اس لیے حصار کیا جاتا ہے تا کہ موکل دورانِ عمل عامل کو تکلیف نہ پہنچا سکیں۔

دُعائے حصار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۔لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔ وَنَحْنُ عَلٰى مَاقَالَ رَبُّنَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ۔" فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔"(سورہ توبہ آخری آیات)

یہی دُعا آپ کا حصار ہے۔ یہی دُعا آپ کی حفاظت جان و مال، عزت کی ہوگی۔ ایک بار صبح اور ایک بار شام کو پڑھیں۔

جنات وآسیب کے لیے آسان اور مختصر حصار

اگر کسی مریض پر جنات وآسیب حاضر کریں تو وہ بار بار بھاگ جاتا ہو، اور پھر مریض کے بدن پر آجاتا ہو، تو ایسے آسیب زدہ مریض کے علاج کے لیے مندرجہ ذیل حصار سے آسیب و جنات کو مریض کے بدن میں قید کر کے علاج مکمل کیا جاتا ہے۔ پھر اُسے جب تک عامل آزاد نہیں کرے گا آسیب نہیں جائے گا۔ حصار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔بَسْتَمْ بِحَقِّ تورات وَبَسْتَمْ بِحَقِّ اِنْجِيل وَبَسْتَمْ زَبُوْر بَسْتَمْ بَسْتَمْ بِحَقِّ فُرْقَانِ مجید وَقُرْآنِ مجید وَبَسْتَمْ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ بَسْتَمْ بَسْتَمْ بَسْتَمْ بِحَقِّ سُلَیْمَان بن دَاؤد علیہما السلام ۔

آسیب زدہ کی پیشانی کے بال پکڑ کر مندرجہ بالا حصار پڑھیں۔ پھر سورہ الم

حصار کا عمل

اپنی جان و مال کی حفاظت بھی عامل کے لیے لازم ہے۔ جب بھی عامل عمل کرتا ہے تو مخفی مخلوق اُس کا نقصان پہنچانے کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتی۔ اس لیے اپنی جان کی حفاظت لازمی ہے۔ جو حصار کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔ یہاں جو عمل ہم بیان کرنے لگے ہیں۔ وہ نوری ہے اس حصار کا استعمال صرف نوری اعمال میں کیا جائے گا۔ اس میں کوئی زکات نہیں ہے۔ یہ حصار ہر نوری عمل میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اور کوئی خطرہ نہ ہوگا۔ اور کسی بھی قسم کا کوئی ڈر خوف نہ ہوگا۔ حصار یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اَللّٰهُ لَآ إِلٰـهَ إِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَّـهٗ مَا فِی السَّمَاوَاتِ وَمَا فِی الْأَرْضِ مَن ذَا الَّذِیْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ إِلَّا بِإِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَؤُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِيْمُ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ ۔ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ۔ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ۔ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۔ وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ ۔ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِیَ دِيْنِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ۔ اللّٰهُ الصَّمَدُ ۔ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ۔ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ۔ وَمِنْ شَرِّ النَّفَّاثَاتِ فِی الْعُقَدِ۔ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔ مَلِكِ النَّاسِ۔ إِلٰهِ النَّاسِ۔ مِنْ شَرِّ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ حصار، حصار، حصار، لاالہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ، صد ہزار بار حصار، مَنْ وَبَر دستاں مَنْ حصار باد۔ لاالہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ، ہر مَنْ وَبَر دوستاں مَنْ باد، بستم بستم دست وپاء، ہوش و گوش، چشم وزبان، دِل ودماغ، دیوان وَپریاں وَجناں وَخَبِیْثاں قَ بَد گفتاراں وَ کژدماں وَناحقاں وَ ناشکراں وَ ہَربلائے ودَرد ہائے، وَہَر عِلت ہائے، وَہَرغم ہائے، وہَر رنج ہائے، شیطان لعین رَا بستم، وَبستم تیغ ونیزہ وتفنگ، بستم رَا بَدخَواہاں وَبَداندیشاں، بحرمت لاالہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ، مُہر کَردَم بنام محمد رسول اللّٰہ، قَولاً وَفِعلاً "إِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۔ إِنَّهُ هُوَ يُبْدِءُ وَيُعِيْدُ ۔ وَهُوَ الْغَفُورُ الْوَدُودُ ۔ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۔ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۔ هَلْ أَتَاكَ حَدِيْثُ الْجُنُودِ ۔ فِرْعَوْنَ وَثَمُودَ ۔ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا فِيْ تَكْذِيْبٍ ۔ وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيْطٌ ۔ بَلْ هُوَ قُرْآنٌ مَّجِيْدٌ ۔ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ۔" (سورہ بروج آیت: ۱۲ تا ۲۲) صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ (سورہ بقرہ: ۱۸) صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايُبْصِرُوْنَ ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَعْقِلُوْنَ (سورہ بقرہ: ۱۷۱) صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَتَذَكَّرُوْنَ ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُنْظَرُوْنَ ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَتَكَلَّمُوْنَ ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَسْمَعُوْنَ ۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَايَنْطَقُوْنَ ۔ بَحَقِّ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ (سورہ بقرہ ۱۳۷) وَبِحَقِّ كهيعص حمعسق يَا جِبْرَائِيْلُ يَامِيْكَائِيْلُ يَااِسْرَافِيْلُ يَاعِزْرَائِيْلُ ۔ اَللّٰهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ لَّهُ مَا فِيْ السَّمَاوَاتِ وَمَا فِيْ الْأَرْضِ مَن ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهُ

باب۔10

تسخیر و محبت اور حاضری مطلوب کے اعمال و نقوش

محبت شدید پیدا کرنے کا لاجواب عمل

نوچندے اتوار کو پاک وصاف ہو کر قبرستان سے بذریعہ چھری تھوڑی سی مٹی کھود کر لائیں۔ اور گھر آ کر لوبان یا صندل کا بخور روشن کر کے اس مٹی پر سورہ اذا زلزلت اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ یہ مٹی جس کے سر پر چٹکی بھر ڈال دو گے مہربان ہو گا۔ سورہ مبارکہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم۔ إِذَا زُلۡزِلَتِ الۡأَرۡضُ زِلۡزَالَهَا۔ وَأَخۡرَجَتِ الۡأَرۡضُ أَثۡقَالَهَا۔ وَقَالَ الۡإِنسَانُ مَا لَهَا۔ يَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ أَخۡبَارَهَا۔ بِأَنَّ رَبَّكَ أَوۡحَىٰ لَهَا۔ يَوۡمَئِذٍ يَصۡدُرُ النَّاسُ أَشۡتَاتاً لِّيُرَوۡا أَعۡمَالَهُمۡ۔ فَمَن يَعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ خَيۡراً يَرَهُ۔ وَمَن يَعۡمَلۡ مِثۡقَالَ ذَرَّةٍ شَرّاً يَرَهُ۔

حروف صوامت سے عمل حب

اعداد طالب و مطلوب میں حروف صوامت کے اعداد (۵۴۳) جمع کریں پھر تعداد حروف صوامت کے اعداد (۱۳) اور جمع کریں۔ کل اعداد کے مجموعہ سے (۱۲) عدد نفی کریں اور باقی اعداد کو تین پر تقسیم کریں حاصل تقسیم کو خانہ اول میں رکھ کر ایک ایک کے اضافہ سے نقش پر کریں۔ اگر باقی ایک بچے تو خانہ نمبر سات میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔ اگر باقی دو بچے تو خانہ نمبر چار میں مزید ایک کا اضافہ کریں۔ ایسے

تین نقوش تیار کریں ایک نقش کسی قبر میں دفن کر دیں اور دوسرا نقش کسی وزنی چیز کے نیچے رکھ دیں اور تیسرا نقش کسی نمی والی جگہ زمین میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔ نقش پر کرنے کی رفتار یہ ہے۔

۵	۷	۳
۹	۲	۴
۱	۶	۸

نقش کے نیچے اپنے مقصد کی عبارت اس طرح لکھیں گے۔

بستم زبان (نام مطلوب معہ والدہ) در غرض وحق فی محبت والمودۃ (نام طالب معہ والدہ) دائما ابداً۔

حروف ابجد سعد اور نحس نیز موکلات کی جدول

مزاج	سعد حروف	نحس حرف	موکلات
آتش	ا۔ھ۔ط۔م	ف۔ش۔ذ	عزرائیل
خاک	ب۔و۔ی۔ن	ص۔ت۔ض	سرافیل
باد	ج۔ز۔ک۔س	ق۔ث۔ظ	میکائیل
آب	د۔ح۔ل۔ع	ر۔خ۔غ	جبرائیل

محبت کے لیے جلانے والا

ایک ورقہ پر لکھیں۔ اور اُس میں سات عدد کالی مرچ رکھیں اور جلائیں۔

تین یوم کا عمل ہے۔ مقصد پورا ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

ط اا لا ط ہ ااا ط۔۔۔ع آآ لا ااا اااا ااااا ووو اا اا ااا وو ہ و

همياس همياس بطلياس معوش العجل العجل ياخدام هٰذه

الاسماء احرقو قلب وفواد فلاں بنت فلاں علی محبت و حب

فلاں بن فلاں الوحا العجل الساعة۔

محبت کے لیے جلانے والا عمل

ان الفاظ کو سات کاغذ کے الگ الگ ٹکڑوں پر تحریر کریں۔ اور ان کو لوبان اور دھنیا خشک کا بخور دیں۔ پھر ایک ایک کر کے جلا دیں ایسا تین یوم تک کریں۔ تین یوم میں کام ہو جائے گا۔ لکھنے والے الفاظ یہ ہیں۔

قیاھارشٍ ، نقاشٍ ، نقرشٍ ، قریشٍ ، بیطورشٍ ، سقبطوم ، اجب شقیطوم واجلب وھیج فلاں بن فلاں عَلی حب فلاں بن فلاں۔

عمل حب سفلی

عورت کا سرخ کپڑا لے کر اس کپڑے پر مندرجہ ذیل طلسم تحریر کریں۔ اور پھر اس کا فلیتہ بنا کر چراغ میں جلائیں۔ اور سامنے بیٹھ کر مندرجہ ذیل عزیمت کو اکہتر (۷۱) مرتبہ پڑھیں۔ پس صبح محبوب آپ کے پاس حاضر ہوگا۔ کپڑے پر لکھ کر چراغ میں جلانے والا طلم یہ ہے۔

طشعشکمطھصمشمطشٍ جلب قلب فلاں بنت فلاں عَلیٰ حب

فلاں بن فلاں

اور پڑھنے والی عزیمت یہ ہے۔

یَـاحَـنُـدَش وَیَـارَنُمَش جَلْبِ وَهَیِّجْ فلاں بنت فلاں عَـلٰی محبت فلاں بن فلاں اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ السَّاعَةُ

محبت کا خاص عمل

محبت کا یہ عمل جلانے ، پلانے ، دفن کرنے اور ہوا میں لٹکانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ کاغذ کے چار ورقوں پر الگ الگ لکھیں۔ اور پھر ان پر یہی عمل ۳۵ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر ان میں سے کسی ایک کو جلادیں۔ کسی دوسرے کو پلادیں اور کسی تیسرے کو نمی والی جگہ زمین میں دفن کردیں۔ اور کسی چوتھے کو ہوا میں کسی میٹھے پھل دار درخت پر لٹکادیں۔ ایک ہی دن میں کام ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

بِسَلْسَلِيْمٍ ، بِكَلْكَلِيْمٍ ، بِعَلْعَلِيْمٍ ، بِطَلْطِيْمٍ ، اَجِبْ يَاعَابِدُ النَّارُ يَااِبْلِيْسُ وَجَلْبِ وَهَيِّج فلاں بنت فلاں عَلٰی مُحَبَّةِ فلاں بن فلاں اَلْوَحَا اَلْعَجَلُ السَّاعَةُ۔

محبت کا نوری عمل

اس عمل کو موم بتی پر لکھیں۔ اور اس کو جلائیں۔ اور موم بتی کے سامنے بیٹھ کر محبوب کی محبت کا پختہ تصور کریں۔ تین دن کا عمل ہے۔ محبوب محبت کا اظہار کرے گا۔ عمل یہ ہے۔

هَـرُشٍ ، هَيُـوَرُ ، هَنُشٍ ، هَطُشٍ ، طَنَطَشٍ ، جَنُشٍ ، تَوَكَّلُوا يَاخُدَّامُ

هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ بِحَرْقِ قَلْبَ وَفَوَاد فلاں بنت فلاں عَلٰی محبت فلاں بن فلاں اَلْوَحَا الْعَجَلُ السَّاعَةُ۔

محبت کے لیے انڈے والا عمل

مرغی کا ایک انڈا لیں۔ جو اُس نے اُسی دن دیا ہو۔ اُس پر مندرجہ ذیل عمل تحریر کریں اور اِسی عمل کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر انڈے پر دَم کریں۔ پھر اس انڈے کو آگ کے قریب دفن کر دیں۔ پھر محبوب کی بے قراری کا تماشہ دیکھیں۔ عمل یہ ہے۔

لَایَلُوْشِ ، شَلَیْشُوْشِ ، شَرْنُوْشِ ، اَقْیَاشِ ، مَقْدُوْشِ ، کِیْشَرُوْشِ ، مَعَاشَرِ الْمُلُوْكِ الرُّوْحَانِيَّةِ وَاَحْرِقُوْا النَّارِ فِیْ فَرْجِ فلاں بنت فلاں عَلٰی محبت فلاں بن فلاں۔

شادی کے لیے انڈے والا عمل

یہ اسماء ایک انڈے پر لکھیں۔ اور پھر یہی اسماء پچیس مرتبہ پڑھ کر اس پر دَم کریں۔ پھر اس انڈے کو آگ کے قریب دفن کر دیں۔ اسماء لکھنے اور پڑھنے والے یہ ہیں۔

عَلْمُوْشَا ، شَلْمُوْشَا ، طِیْنَا ، نَوْشَکَا ، ذَکَادُالْبَرْقُ یَخْطَفُ الْبُیْضَا هُمْ هَیَّا یَامَیْمُوْنَه جَلْبِ وَهَیِّجِ قَلْبَ فلاں بنت فلاں عَلٰی محبت فلاں بن فلاں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ الحمدللہ یعانی۔ قل ہو اللہ بُت خانی۔ کلامِ ربانی۔ یوسف پر زلیخا ہوئی دیوانی۔ فلاں بن فلاں مجھ پر ہو دیوانی۔ اگر نہ ہو دیوانی تو دُہائی شیخ عبدالقادر جیلانی۔

محبت اور حاضری مطلوب کا عمل جیلانی

مندرجہ ذیل عمل باتصور مطلوب ایک تسبیح روزانہ ایک ہفتہ تک پڑھیں۔ اگر مطلوب معہ والدہ کے اعداد کے مطابق پڑھیں تو بھی ایک ہفتہ تک پڑھیں۔ انشاءاللہ مطلوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ نایاب ترین عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ بسم اللہ سبحانی، بسم اللہ کہانی، بسم اللہ یوسف زلیخانی، فلاں بنت فلاں مجھ پر ہو دیوانی، یا شیخ عبدالقادر جیلانی۔

محبت کا ایک بے نظیر اور لاثانی عمل جیلانی

یہ ایک ایسا عمل ہے جس کے قوی الاثر ہونے میں ذرا بھی شک نہیں ہے۔ پس عامل کا تصور پختہ ہونا ضروری ہے۔ گیارہ یوم کے اندر محبوب محبت میں بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ روزانہ ایک تسبیح باتصور محبوب ایک جگہ اور وقت مقرر پر پڑھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ الحمدُ گوانی، فلاں مجھ پہ ہو دیوانی، نہ ہو دیوانی تو سید عبدالقادر جیلانی، چٹا پکڑا کر کرو دیوانی۔

تسخیر خلق کے بے نظیر مجرب اور لاثانی عمل

تسخیر خلق کا یہ عمل لاثانی عمل ہے۔ ہر شخص تسخیر خلائق چاہتا ہے۔ یہ ایسا عمل ہے کہ اس کے کرنے سے رجوع خلائق اس قدر ہوتا ہے کہ آپ پریشان ہو جائیں گے۔ کاروبار خیر و برکت ہوتی ہے۔ اس عمل کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں تو چندے اتوار یا جمعرات یا جمعہ سے شروع کریں۔ نماز فجر کے فوراً بعد پڑھا جائے اول و آخر ایک ایک تسبیح درود پاک ابراہیمی پڑھنا ہے۔ اور درمیان میں (۱۳۰۰) مرتبہ مندرجہ ذیل اسم (یَـا مُسْتَطِیْعُ) پڑھیں۔ اور چالیس یوم تک بلا ناغہ پڑھیں۔ پہلے چلہ میں تسخیر خلق عام ہوگی۔ اگر دوسرا چلہ بھی اسی طرح کے مطابق کریں۔ تو تسخیر خلق خاص ہوگی۔ اور اگر تیسرا چلہ بھی کریں تو تسخیر خلق خاص الخاص ہوگی۔ اگر چوتھا چلہ بھی کریں تو تسخیر خلق عام و خاص کے ساتھ ساتھ عامل کے در پر ہر وقت دن رات عوام و خاص کر ہجوم رہے گا۔

عمل تسخیر خلق

مندرجہ ذیل عمل روزانہ اکیس مرتبہ پڑھیں تو تسخیر خلق بے حد ہوگی روزی رزق میں خیر و برکت اور خوب ترقی ہوگی۔ بہت ہی زبردست عمل ہے۔ جس کے اثرات پہلے ہی ہفتہ میں شروع ہو جاتے ہیں۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ لَآاِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ جگ موہنی مُحَمَّدٌرَسُوْلُ اللّٰه۔ تسخیر اَلْحَمْدُ لِلّٰه۔ کائنات فریفتہ ہو۔ ہر خاص و عام مسخر ہو۔ سات ستارے بارہ بروج۔ امروز جیسے شمع چراغِ الفت۔ تیل بلقیس پروانے زلیخا۔ یـا اللّٰه ہر قوم کا دِل موم

کرو۔یا نبی رسول اللہ کھولو میری روزی یا (کھولو فلاں کی روزی) کھولو میرے روزگار۔رزخود اُڑ کر پہنچے جو تقدیر کا لکھا ہے۔ پر دے میرے رزق کو۔ ہر زرہ کو میسر ہو بے حساب۔یَااللّٰہُ، یَا کرِیمُ، یَاغَفُورُ،یَارَحِیمُ۔تو مالك هے،تو ستار هے،تو غفار هے۔ میرا ناعاصی گناہ گار ہے۔فضل کر دے میرے حال پہ۔یَارَبِّ الْعَالَمِیْن یَا رَحْمَتِ اللعَالَمِیْن بِرَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن۔

عمل تسخیر خلق غوثیہ

تسخیر خلق کے لیے یہ عمل بڑا زبردست ہے۔اگر کوئی صوفی سالک اس عمل کو حسب ہدایت کرے تو اُس کے آستانہ پر ہر وقت مخلوق کا ہجوم لگا رہے گا۔عمل کی ترتیب یہ ہے کہ روزانہ بعد از نمازِ عشاء تین تسبیح اس عمل کو اکیس یوم تک پڑھے۔انشاء اللہ بڑے زبردست اثرات ہوں گے اور مخلوق خدا ہر وقت آستانہ پر حاضری دے گی۔ ہر خاص و عام مسخر ہو گا۔عمل یہ ہے۔

عشق میں لگے حضرت جیلانی۔ ساری دنیا مجھ پہ ہو دیوانی۔دُوہائی شیخ عبد القادر جیلانی۔

سرمہ برائے تسخیر خاص نورانی و قرآنی عمل

عمدہ قسم کا سرمہ لے کر اُس میں کاجل ملا کر اُس پر مندرجہ ذیل عمل ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور سرمہ کو محفوظ کر لیں۔ بوقت ضرورت آنکھوں میں لگا کر جس کے پاس جائیں گے وہ تسخیر ہو جائے گا۔عمل یہ ہے۔

روزانہ اکتالیس عدد مرچ پر عمل پڑھ کر ایک ایک کر کے جلائیں۔ عمل ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ یَعَانِیُ۔ قُلْ هُوَاللّٰهُ بُتُ خَانِیُ۔ کلام رَبَانِیُ۔ یوسف پر زلیخا ہوئی دیوانی۔ فلاں بنت فلاں مجھ پر ہو دیوانی۔ اگر نہ ہو دیوانی، تو شیخ عبد القادر جیلانی کی دوہائی۔

مطلوب کو مسخر کرنے کا عطر یوسفی

مطلوب کو مسخر کونے کے لیے لاجواب عطر ہے۔ یہ دَم شدہ عطر جس مطلوب کے پاس لگا کر جائیں گے وہ مسخر ہوگا۔ اچھی خوشبو والا عطر بازار سے لیں۔ اور پھر نو چندے جمعہ کے دن نماز جمعہ کے فوراً بعد عطر کو سامنے رکھ کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں ایک تسبیح مندرجہ ذیل عمل پڑھ کر عطر پر دَم کر دیں۔ جب ضرورت ہو تو عطر لگا کر جس مطلوب کے پاس جائیں گے، وہی مسخر ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ اللہ اللہ میں کہوں۔ اللہ خود موجود۔ مجھ سے ہر ایک ایسے ملے جیسے یوسف سے یعقوب۔ بِحَقِ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰی مَاتَصِفُوْن۔

عمل تسخیر اور حاضری محبوب جس کے اثرات عمر بھر رہتے ہیں

یہ عمل تسخیر محبوب اور محبوب کو حاضر کرنے میں اپنی مثال آپ ہے اور یہ عمل حضرت شاہ محمد غوث گوالیاریؒ کا ترتیب دیا ہوا ہے۔ راقم الحروف نے اس عمل سے جائز محبت میں کام لیا اور اکثر مرتبہ مطلوب وقتِ مسافت میں حاضر ہوا۔ یہ عمل روٹھی ہوئی بیوی کو واپس بلانے کے لیے بے نظیر عمل ہے۔ اگر خاوند بیوی کو اپنے گھر نہ لاتا ہو تو عورت اپنے خاوند کے لیے کر سکتی ہے۔ اسی طرح ہر جائز محبت کا کام لیا جا سکتا ہے۔ ہم نے یہ عمل اپنی کتاب "فیضان القرآن" میں بھی درج کیا ہے۔ اور اس جیسے اور کئی اعمال بھی ہماری کتاب "فیضان القرآن" درج ہیں۔

عمل کا طریقہ کچھ اس طرح ہے کہ اول سوا کلو مٹھائی پر سورہ فاتحہ کے مؤکلات کی نیاز دلائیں۔ پھر باوضو لباس پاکیزہ اور خلوت کی شرط کے ساتھ اکتالیس مرچ سیاہ لے کر ہر ایک مرچ پر سات، سات مرتبہ عمل پڑھ کر دم کریں اور آگ میں ڈالتے جائیں۔ روزانہ بلا ناغہ سات یوم تک ایسا ہی کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی دوران مطلوب دیوانہ وار حاضر ہوگا۔ اور کبھی بھی جدا نہ ہوگا، اگر جدا ہوگا تو مر جائے گا۔ ہم نے اس عمل کے کراماتی اثرات مشاہدہ کیے ہیں۔ یقین واعتقاد شرط اول ہے۔ عمل کو عروج ماہ میں نوچندے اتوار سے شروع کریں۔ ناجائز امور میں کام لینے والے حضرات رجعت سے محفوظ نہ رہ سکیں گے۔ یہ عمل ہمارے اکثر شاگردوں نے ہزاروں مرتبہ کیا ہے اور کبھی بھی کسی کو ناکامی نہیں ہوئی۔ عملیات کے منکر حضرات کے لیے ایک چیلنج عمل ہے۔ اور رُوحانیت کا ایک کرشمہ ہے۔ عمل یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

یَارَبِّ گرِفتَمُ سَر (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ دو چشم (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ دو گوش (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ الرَّحۡمنِ الرَّحِیۡم۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ بِینِی (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ مَالِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ دھن (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ إِیَّاكَ نَعۡبُدُ ۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ گلو (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ وَإِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡن۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ سِینَہ (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ اِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُستَقِیۡم۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ قلب (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ۔

یَارَبِّ گرِفتَمُ شِکَمُ (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبُ (فلاں بن

فلاں) بِحَقِّ أَنعَمتَ عَلَيهِم۔

يَارَبِّ گِرِفتَم نَاف وَدُبَر (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبّ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ غَيرِ المَغضُوبِ عَلَيهِم۔

يَارَبِّ گِرِفتَم رَان وسَاق (فلاں بنت فلاں) عَلٰی حُبّ (فلاں بن فلاں) بِحَقِّ وَلاَ الضَّالِّين۔

يَارَبِّ گِرِفتَم هَفتُ اَندَام ظَاهِرُوبَاطَن بِحَقِّ آمِين۔ يَارَبِّ گِرِفتَم يَمِينُ وَيَسَاوَتَحتُ وَفَوق اَوَّلُ وَآخِرُ اَوسَطُ ۔هَفتُ اَندَام مُوبَهُ مُو صَدُ وَشَصتُ رَگِ وَچَهَار صَدُ وَچِهل وَچَهَار اِستَخوَان وَ گُوشتُ وَپُوستُ وَدَندَان وَنَاخَنُ وَ هَرچِهُ مُرَتَّبُ شُدُ اَستُ۔ بِحَقِّ تمام كلام مجيد وفُرقَانِ حميد اَز اول تا آخر وَ بِحَقِّ يٰسين يَاجِبرَائِيلُ ،يَااِسرَافِيلُ، يَامِيكَائِيلُ، يَاعِزرَائِيلُ۔اَے جمله فرشتگان (فلاں بن فلاں) عَلٰی حُبُّ (فلاں بن فلاں) را بيقرار وَبے آرام كَردَهُ زُودِ بِيَارِيد (تین مرتبہ) بِحَقِّ جمله پيغمبران اَز حضرت آدم تا حضرت محمد رسول اللّٰه۔يَارَبِّ كَارِ سَال دَرِ يَكُ سَاعَتُ كُنُ وَكَارِے يَكُ مَاهُ دَرِ يَكُدَمُ وَكَارِيَكُ روز دَرِ يَكُ پَلُ كُنُ بِعِزَّةِ لَااِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ وَبِحُرمَتِ مُحَمَّدُالرَّسُولُ اللّٰه۔بِرَحمَتِكَ يَاَارحَمَ الرَّاحِمِين۔

یہ عمل کرنے کے بعد طالب ومطلوب کے درمیان کوئی بھی عداوت کا عمل اثر نہیں کرتا۔ یہ ہمارے مشاہدہ اور ہمارے اکثر شاگردوں کے تجربات میں بات آ چکی ہے۔ ہاں اگر مطلوب کی محبت پاگل پن اختیار کر جائے تو مندرجہ ذیل عمل سے اس کے اثرات کو نارمل کیا جا سکتا ہے۔ عمل یہ ہے۔

عمل کے اثرات کو نارمل کرنا

مندرجہ ذیل عمل پانی پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مطلوب کو پلا دیں تو اُس کی حالت معمول پر آجائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ ۔ کُشَادَم سَر (فلاں بنت فلاں)۔ رَبِّ الۡعَالَمِیۡنَ۔ کُشَادَمُ دو چشم (فلاں بنت فلاں)۔ الرَّحۡمٰن کُشَادَمُ دو گوش (فلاں بنت فلاں)۔ الرَّحِیۡم۔ کُشَادَمُ دو بازو (فلاں بنت فلاں)۔ مَالِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ۔ کَشَادَمُ بِینِی وَحَلۡقُوۡم (فلاں بنت فلاں)۔ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ ۔ کُشَادَمُ کام دهن وَخواب (فلاں بنت فلاں)۔ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡن۔ کُشَادَمُ گلو وَسِیۡنَہٗ وَ قلب (فلاں بنت فلاں)۔ اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡم۔ کُشَادَمُ شکَمُ (فلاں بنت فلاں)۔ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ۔ کُشَادَمُ نَاف وَدُبَر (فلاں بنت فلاں)۔ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوبِ عَلَیۡهِمۡ۔ کُشَادَمُ رَان وسَاق (فلاں بنت فلاں)۔ وَلَا الضَّآلِّیۡن۔ کُشَادَمُ هَفَتُ اَنۡدَام مُوۡبِهٗ مُوۡ صَدُ وَشَصَتُ رَگ وَچهَار صَدُ وَچهل وَچهَار اِسۡتَخوَان وَ گُوشَتُ وَپُوسَتُ وَدَنۡدَان وَنَاخنُ۔ (فلاں بنت فلاں) آمین ۔ بِعَزَّةِ لَااِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَبِحُرۡمَتِ مُحَمَّدُالرَّسُوۡلُ اللّٰہِ۔ بِرَحۡمَتِكَ یَااَرۡحَمَ الرَّاحِمِیۡن۔

حضور غوث اعظم سے منسوب خاص الخاص عمل قادریہ

ہمارے ایک دوست جو ایک قاری قرآن ہونے کے ساتھ ساتھ عالم دین بھی ہیں۔ اور ایک اچھے مقرر بھی ہیں۔ اور آج سے کوئی ربعہ صدی سال پہلے کی بات ہے۔ ایک وقت تھا کہ اُن کی شہرت بام عروج پر تھی۔ ہر لحاظ سے زندگی کے شب وروز بڑے خوش گوار تھے۔ پھر ایک وقت آیا کہ حالات نے ایسا پلٹا کھایا کہ قاری صاحب نے کہا حضرت اَب تو کوئی ادھار بھی دینے کو تیار نہیں ہے اور نوبت فاقہ کشی تک پہنچ گئی ہے۔ مجھ پر مہربانی فرمائیں اور کچھ ایسا کریں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ میرے حالات تبدیل کردے۔ ہم نے کہا ٹھیک ہے آپ کو ایک عمل تعلیم کر دیتے ہیں۔ ایک ہی اسم ہے اسے آپ نے روزانہ پڑھنا ہے۔ اور پڑھتے رہنا ہے۔ قاری صاحب نے کہا ٹھیک ہے مہربانی فرمائیں۔ ہم نے کہا کہ قاری صاحب آپ اس اسم مبارک کو روزانہ رات کو عشاء کے بعد 500 مرتبہ پڑھتے رہیں۔ ایک ہفتے بعد قاری صاحب نے آکر بتایا کہ حضرت میں آپ کی ہدایت کے مطابق عمل پڑھ رہا ہوں مگر ابھی تک تو حالات ویسے ہی ہیں۔ ہم نے کہا کہ عمل جاری رکھیں۔ پھر دوسرا ہفتہ بھی گزر گیا اور قاری صاحب کہا کہ حضرت حالات جوں کے توں ہیں۔ ہم نے کہا کہ قاری صاحب آپ ایک ہزار مرتبہ بھی پوچھیں گے تو یہی عمل اور یہی ترتیب ہے پس عمل کو جاری رکھیں اور اللہ تعالیٰ کی عظیم بارگاہ میں امید رکھیں جلد ہی غیب سے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اَب تیسرا ہفتہ جب گزر گیا تو قاری صاحب میرے پاس آئے اور کہا کہ حضرت امید کی ایک کرن نظر آئی ہے کہ میرے علمی استادِ محترم حضرت مولانا عبدالعزیز نوری

صاحب کا پیغام آیا ہے کہ لاہور شاہدرہ میں ایک مدرسہ میں ایک خطیب کی ضرورت ہے آپ وہاں جمعہ پڑھائیں۔ آپ کی خدمت کی جائے گی۔ ہم نے کہا کہ آپ چلے جائیں۔ اور عمل بھی جاری رکھیں۔ قاری صاحب لاہور چلے گئے اور مدرسہ میں جمعہ پڑھانے لگے اور عمل جاری رکھا۔ اسی ہفتہ میں انہیں ایک مسجد میں پیش امام اور خطیب کی ملازمت مل گئی۔ اور پھر قاری صاحب نے اپنے بیٹے حافظ عزیز احمد کو بھی بلایا اور انہوں نے بھی وہاں پڑھنا شروع کر دیا۔ اور اللہ پاک کے فضل و کرم سے قاری صاحب کو لاہور میں بڑی عزت ملی اور کچھ عرصہ بعد حالات تبدیل ہوتے گئے اور پھر انہوں نے اپنے ایک بیٹے کی شادی کی اور اپنا گھر بھی تعمیر کیا اللہ تبارک وتعالیٰ عزت شہرت اور دولت عطا فرمائے۔ کئی سالوں تک لاہور میں خوش گوار زندگی گزاری۔ ایک عرصہ اس عمل کی مداومت کرتے رہیں۔ اور بھی کئی فوائد حاصل ہوئے۔

وہ قاری صاحب آج کی محفل میں بھی موجود ہیں۔ بعد میں قاری صاحب ہمارے حلقہ ارادت میں شامل ہو گئے اور آج میرے خلفاء میں ان کا شمار ہوتا ہے۔

حال میں یہی اسم ہم نے اپنے روحانی بیٹے ڈاکٹر آصف حسین قادری کو تعلیم کیا اور انہوں نے چند دن ریاضت کی تو انہیں کافی مکاشفہ ہوا۔

مندرجہ ذیل عمل کے بارے میں عاملین وکاملین کے باوا آدم حضرت محمد غوث گوالیاری رحمتہ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ یہ اسم حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی کا معمول رہا ہے اور عاملان عرش کی تسبیح ہے۔ یہ تسمیہ کا جوہر ہے۔ زبدۃ الدعوت میں ہے کہ یہ اسم بہت بڑا ہے۔ جس کسی کو کوئی حاجت یا مہم پیش آئے سات روز تک مع شرائط عمل اس کو پڑھے۔ اور روزہ نان یا نمک سے افطار کرے ادائے

فرض وسنت کے بعد تمام اوقات اس کی تلاوت میں مشغول رہے اور لاتعداد پڑھے۔ اور بقول حضرت شیخ شہاب الدین سہروردیؒ اگر اس قدر نہ ہو سکے تو ایک ہزار مرتبہ دن کو اور ایک ہزار مرتبہ رات کو پڑھے۔ ساتویں روز حق سبحانہ وتعالیٰ سے اپنے مراد مانگے بے شک قبول ہو۔ خزانۃ المحققین میں ہے کہ اس کے خواص بہت سے ہیں جو کوئی ہر نماز کے بعد پانچوں وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھے تو قلیل عرصہ میں ہی جو کچھ اس کے دِل میں گزرے گا فوراً ہو کر رہے گا۔

ہمیں اپنے بزرگوں سے اس اسم کو 500 مرتبہ عشاء کے بعد پڑھنے کی اجازت عطا ہوئی ہے اور ایک عرصہ تک ہمارے معمول میں یہ اسم رہا ہے۔ واقعی اس کی رُوحانیت اپنی مثال آپ ہے۔ اس ریاضت سے مکاشفہ کھل جاتا ہے اور روزانہ کی ضروریات غیب سے پوری ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔ رُوحانیت بڑھ جاتی ہے۔ اور ہر جائز مقصد پورا ہو جاتا ہے۔ کسی بھی حاجت کے لیے قوی الاثر اور سریع التاثیر عمل ہے، مگر ضروری ہے کہ اپنے پیر و مرشد کی اجازت سے ہی ریاضت شروع کی جائے۔

وہ اسم مبارک یہ ہے۔ غِیُطِیُغُوُرِشٍ

اہم بات تمام احباب نوٹ فرما لیں۔ اگر رُوحانیت کے سو حصے کئے جائیں تو (99) حصے پیر و مرشد کی خدمت، صحبت اور اُن کے ارشادات کی تعمیل میں پوشیدہ ہیں۔

رجال الغیب سے فیوض و برکات حاصل کرنا

رجال الغیب سے فیوض و برکات حاصل کرنے کا یہ ایک خاص طریقہ ہے۔ واضح رہے کہ لاعلم خود بین صحیح استفادہ نہیں کرسکتے۔ کیونکہ ایسے اعمال اہل صفا جو دنیائے رُوحانیت میں آباد ہیں، ان سے متعلق ہے کہ وہ رجال الغیب سے یوں رُوحانی رابطہ کر کے فیوض و برکات حاصل کرسکتے ہیں۔ رجب المرجب کی گیارہ تاریخ یعنی دس کا دن اور رات گیارہویں ہو۔ ایک کمرے کو پاک صاف کرلینا چاہیے۔ کمرے میں سفید فرش بچھالیں۔ ایک پاک صاف پلنگ پر چادر بچھائیں۔ پھر سفید خوشبودار پھول پلنگ پر پھیلائیں۔ اگربتی سلگائیں، اگر ہوسکے تو بہترین عطر بھی چھڑکیں۔ جس سے کمرہ معطر ہوجائے۔ ایک طشتری میں جو اس موسم کا پھل ہو، اس پر مردان غیب کا ختم پڑھ کر پھل والی پلیٹ بھی اسی کمرے میں پلنگ کے پاس رکھ دیں۔ اور کمرے کا دروازہ کھلا چھوڑ دیں۔ اور دروازے پر سفید چادر کا پردہ ڈال دیں۔ یہ عمل نمازِ مغرب سے پہلے ہوجانا چاہیے۔ اور یہ اہتمام کرنے والے حضرات دوسرے کمرے میں یا گھر کے دوسرے حصے میں عبادت میں مصروف رہیں۔ اور اس کمرے میں صبح کی نماز سے پہلے کوئی داخل نہ ہو۔ نماز پڑھ کر پھر اس متبرک کمرے میں جائیں۔ دروازے میں کھڑے ہوکر دُعا مانگیں اور پھر بسم اللہ پڑھ کر آگے جائیں اور پھل والی طشتری پھول اور وہ چادر جو پلنگ پر بچھائی گئی تھی۔ اِن سب چیزوں کو اُٹھا کر باہر لے آئیں۔ پھل کو صالحین اور صالحات اور گھر کے افراد میں تقسیم کریں۔ اور پھول تبرکاً رکھ لیں۔ وہ کسی مشکل وقت میں کام آتے ہیں۔

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] ختم کا اہتمام کرے گا [illegible]

الغیب کا مشاہدہ کریں گے کہ رجال الغیب پیدل کرتے ہیں ان کے گھر سے

گزریں گے تو کبھی کبھی اس طرح کی آواز آتی ہے۔

''السلام علیکم یا اہل بیت یعنی سلامتی ہو تم پر اس گھر کے رہنے والے اور ذکر

یاد کرنے والے''

اگر آواز نہ بھی آئے، تو مایوس نہیں ہونا چاہیے بلکہ ان کی غیبی مدد کا یقین رکھیں۔ یہ سب چیز ذوق وظرف پر منحصر ہوتی ہے۔ مسلسل اہتمام کرنے والے اور ختم دلانے والے کبھی محروم نہیں رہتے۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ باہر کے دروازے پر کوئی دستک دیتا ہے، یا کنڈی بجاتا ہے۔ جب باہر جا کر دیکھتے ہیں تو کوئی نہیں ہوتا۔ کبھی کبھی مکان کی چھت پر کسی کے چلنے کی آہٹ محسوس ہوتی ہے۔ تو بجائے خوف وخطر کے مکان کے مکینوں کو اللہ ﷻ کا شکر بجالانا چاہیے کہ ہم رحمت وحفاظت رب کریم کی زد میں ہیں۔

اب ہم ختم کا مکمل طریقہ تحریر کرتے ہیں تاکہ ہر صوفی سالک [illegible]

ہو سکے۔ طریقہ یہ ہے کہ جس کمرے میں ختم کا اہتمام کیا جائے [illegible]

ہے صاف و پاک ہو۔ سات قسم کے میٹھے پھل اور سات ہی قسم کے خوشبودار پھول اُس کمرہ میں پلنگ کے قریب کسی میز پر رکھے جائیں اور پلنگ پر چادر بچھائی جائے اور ختم پڑھنے والا میز کے ساتھ کرسی پر بیٹھ کر ختم پڑھے مگر اس سے قبل دو رکعت نفل قضائے حاجت ادا کرے۔ پھر ختم شریف پڑھے اور پھر مندرجہ ذیل درود شریف سات مرتبہ پڑھے اور پھر ایک سو مرتبہ مندرجہ ذیل رجال الغیب کی دُعا آنکھیں بند کر کے پڑھے۔ جب کہ گھر کے باقی افراد دوسری جگہ نوافل یا درود سلام میں مشغول رہیں۔ ختم کے ایک گھنٹہ بعد تمام چیزیں اُٹھالی جائیں جیسا کہ اوپر بتایا جا چکا ہے۔ درود پاک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ وَاَهْلِكْ عُدُوَّهُمْ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اور دُعائے رجال الغیب یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْم۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَااَرْوَاحِ الْمُقَدَّسَةِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا رِجَالَ الْغَيْبِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَانُجَبَاءُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَااَوْتَادُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَااَفْرَادُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَمْنَاءَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا غَوْثَهُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا قُطْبَ الْاَقْطَابُ، اَغِيْثُوْنِیْ بِغَوْثَةٍ وَنْظُرُوْنِیْ بِنَظْرَةٍ وَرْحَمُوْنِیْ بِرَحْمَةٍ وَحَصِّلُوْنِیْ مُرَادِیْ وَمَقْصُوْدِیْ وَقُوْمُوْ اِلٰی حَوَائِجِیْ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَاَصْحَابِهِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

بِمَا شَاء وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَؤُودُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيمُ ۔

ہر حاجت کے لیے دُعائے پنج تنی

اس دُعا کے پڑھنے سے انسان کی ہر حاجت پوری ہوتی ہے۔ اس دُعا کے پڑھنے سے خوش وخرم زندگی گزرتی ہے۔ اور ہر خواہش پوری ہوتی ہے۔ کسی بھی مقصد کے لیے اِسے ہر نماز کے بعد صرف تین مرتبہ پڑھا جائے۔ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ اِلٰهِی بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَاَنْتَ الْمَحْمُودُ وَ بِحَقِّ عَلِيٍّ وَاَنْتَ الْعَالِيُّ وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ وَاَنْتَ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَبِحَقِّ حَسَنٍ وَاَنْتَ الْمُحْسِنُ وَبِحَقِّ حُسَيْنٍ وَاَنْتَ قَدِيْمُ الْاِحْسَانِ اِلٰهِی بِاَخَصِّ صِفَاتِكَ وَبِعِزِّ جَلَالِكَ وَيَاعَظِمِ اَسْمَائِكَ وَبَعَصْمَةِ اَنبيَائِكَ وَبِنُورِ اَوْلِيَائِكَ وَبِدَمِ شَهَدَائِكَ وَبِمُنَاجَاتِ فُقَرَائِكَ وَبِدُعَاءِ صَلِحَائِكَ زِيَادَةً فِی الْعِلْمِ وَصِحَّةً فِی الْجِسْمِ وَبَرَكَةً فِی الرِّزْقِ وَطُوْلًا فِی الْعُمْرِ وَتَوْبَةً قَبْلَ الْمَوْتِ وَرَاحَةً عِنْدَ الْمَوْتِ وَمَغْفِرَةً بَعْدَ الْمَوْتِ وَنَجَاةً مِنَ النَّارِ وَدُخُوْلًا فِی الْجَنَّةِ وَعَافِيَةً فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔ ”اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْءَ ۔ (سورہ نمل:٦٢) مُضْطَرٌ بَحَقِّ الْمُضْطَرِّ وَنَحْنُ الْمُضْطَرُوْنَ وَصَلَّى مُجِيْبَ الْمُضْطَرِّ، مُجِيْبَ الْمُضْطَرِّ، مُجِيْبَ الْمُضْطَرِّ ۔ سَيِّدَنَا مُحَمَّدٌ وَآلِهِ الطَّاهِرِيْنَ۔

قسم میطٹرون برائے قضائے حاجات

اس قسم کو ہر جگہ استعمال کیا جا سکتا ہے۔ اگر کوئی نوری عمل کام نہ کرتا ہو تو وہاں اس قسم کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ وہ عمل فوری کام کرے گا۔ اگر صوف قضائے حاجات کے لیے ضرورت ہو تو اس قسم کو سات مرتبہ پڑھا جائے۔ فوری وہ حاجت پوری ہو گی۔

قسم السید میطٹرون

یہ قسم سید میطٹرون ہر قسم کے کام کے لیے نفع مند ہے۔ جس میں حاضری مطلوب ہو، اور اس کے بارے میں کسی نے کوئی اختلاف نہیں کیا اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ ریاضت اور خلوت کی شرط کے ساتھ 21 مرتبہ پڑھا جائے اور اس کا بخور لوبان ،کزبرہ ہے اور قسم سید میطٹرون یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَہٗ اِسْمٌ لَّا یُنْسٰی وَنُوْرٌ لَّا یُطْفٰی وَمَلِكٌ لَّا یَزُوْلُ وَعَرْشٌ لَّا یَحُوْلُ وَكُرْسِیٌّ لَّا یَتَحَرَّكُ وَبِہٖ اَقْسَمْتُ عَلَیْكَ اَیُّھَا السَّیِّدُ مَیْطَطْرُوْنُ یَا مَلِكَ الْاَرْوَاحِ الرُّوْحَانِیَّةِ الْاَبْرَارِ السَّاكِنِیْنَ تَحْتَ عَرْشِ الْمَلِكِ الْجَبَّارِ السّٰجِدِیْنَ لِلّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ الْجَارِیْنَ بِحُرُبِھِمُ الْمُتَصَرِّفِیْنَ فِیْ جَمِیْعِ اَفْعَالِھِمْ بِالَّذِیْ وَكَّلَكَ عَلَی الْمَلَائِكَةِ الْكِرَامِ وَاَیَّدَكَ بِالْجُنُوْدِ وَالْاَمْلَاكِ وَاَعْطَاكَ ھٰذِہِ الْقُوَّةَ وَاَصْفَاكَ وَخَلَقَ لَكَ الْمَلَائِكَةَ اِلَّا مَا اَمَرْتُ خُدَّامَكَ وَاَعْوَانَكَ دَعْیَائِیْلَ وَجِھْیَائِیْلَ اَنْ یَنْزِلُوْا بِعِزَّةِ رَبِّھِمْ وَاَنْ

باب۔11

مستند دُعائیں، قسمیں اور لاثانی عزیمتیں

دُعا حضرت انس بن مالکؓ

ہر ایک چیز کے شر سے محفوظ رہنے کے لیے یہ دُعا بہت ضروری ہے۔ ہر عامل کے لیے ایک تحفہ خاص ہے۔ عامل بننے کے بعد ہزاروں روحانی مشکلات اُس کی زندگی سے نکل جاتی ہیں۔ اور عامل کی ہر لحاظ سے حفاظت ہوتی رہتی ہے۔ اس دُعا کو میں اپنی زندگی کا ایک اہم حصہ سمجھتا ہوں۔ ہر طرح کی مشکلات روحانی ہوں یا ظاہری اس دُعا سے آپ کی حفاظت ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ دُعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ ،بِسْمِ اللّٰہِ خَیْرِ الْاَسْمَاءِ بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ ،بِسْمِ اللّٰہِ اَفْتَتَحْتُ ،وَبِاللّٰہِ فَتَمْتُ وَبِہٖ اٰمَنْتُ ،بِسْمِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ وَعَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ ،بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی قَلْبِیْ وَنَفْسِیْ ،بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی عَقْلِیْ وَذِہْنِیْ ،بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی اَھْلِیْ وَمَالِیْ،بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی مَا اَعْطَانِیْ رَبِّیْ ،بِسْمِ اللّٰہِ الشَّافِیْ،بِسْمِ اللّٰہِ الْمُعَافِیْ ،بِسْمِ اللّٰہِ الْوَافِیْ، بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ، ھُوَ اللّٰہُ اللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا ،اَللّٰہُ اَکْبَرُ ،اَللّٰہُ اَکْبَرُ ،اَللّٰہُ اَکْبَرُ ،اَللّٰہُ اَکْبَرُ ،وَعَزَّ وَاَجَلُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ۔اَسْئَالُکَ اَللّٰھُمَّ بِخَیْرِکَ مِنْ خَیْرِکَ الَّذِیْ لَا یُعْطِیْہٖ غَیْرُکَ ، عَزَّجَارُکَ ،وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ

يُبِيْنُوْنِى بِقُوَّةٍ مِّنْ عِنْدِهِمْ بِعِزَّةٍ، شَمْخٍ شَمْخٍ، اَطُوْفُ اَطُوْفُ، اَضْمَنُ اَضْمَنُ، اَطْفَا اَطْفَا اَصْبَاوُتُ اَصْبَاوُتُ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِىْ نَزَّلَ بِهٖ جِبْرَائِيْلَ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ ﷺ اِلَّامَا اَجِبْتُمْ وَاَسْرَعْتُمْ وَنَزَلْتُمْ بِقُوَّةٍ مِّنْكُمْ هَشْمَةٍ كَهُوْشٍ هَشْمَةٍ اَيْكُوْشٍ، بَرْمَةٍ بَرْمَةٍ، مُقْبَلٍ مُقْبَلٍ، كَمْيَاخٍ كَمْيَاخٍ، اَيْنَكَ يَاتَمَامَ عِفْرِيْتِ السَّحَابِ، اَيْنَكَ يَا اَحْمَرُ اَيْنَكَ يَاشَمَرْدِلُ الطَّيَّارِ، اَيْنَكَ يَااَبَانُوْخِ الْاَسْوَدُ، اَيْنَكَ يَابُرْقَانُ، اَيْنَكَ يَا دَرْدَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَارُوْقِيَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَاجِبْرَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَاسَمْسَمَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَامِيْكَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَاصَرْفِيَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَاعَنْيَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَاكَسْفِيَائِيْلُ، اَيْنَكَ يَا هَشْفُكَلُ، اَيْنَكَ يَا كَطَايَاشِيْلُ، اَيْنَكَ يَانَاطُوْشُ اَيْنَكَ يَازَوْبَعَةُ، اَيْنَكُمْ يَادَنَاهِشَةُ، اَيْنَكُمْ يَاقُشَاقَشَةُ، اَيْنَكُمْ يَاغَيْلَانُ، اَيْنَكُمْ يَاسُكَّانَ الْجِبَالِ، اَيْنَكُمْ يَاسُكَّانَ الْقِفَارِ، اَيْنَكُمْ يَاسُكَّانَ الْحَمَامَاتِ اَيْنَكُمْ يَاسُكَّانَ الْمَزَابِلِ، اَيْنَكُمْ يَاسُكَّانَ الطُّرُقَاتِ، اِحْضَرُوْا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْكُمْ، وَافْعَلُوْا (كذا وكذا) فَاِنِّىْ جِئْتُكُمْ وَحَكَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالْعُهُوْدِ وَالْمَوَاثِيْقِ الَّتِىْ اَخَذَهَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوٗدَ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِىْ اَلْقٰى اِلٰى مَرْيَمَ فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا، وَاَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ بِقَشْهَلٍ وَفَبْشُوْلٍ عَلْشَقُوْمٍ وَبِالْاِسْمِ الَّذِىْ اُنْزِلَ عَلَى الصَّخْرَةِ الصَّمَاءِ فَانْشَقَّتْ، وَعَلَى الْاَرْضِ فَانْبَسَطَتْ، وَعَلَى الْجِبَالِ فَرَسَتْ وَعَلَى اللَّيْلِ فَاَظْلَمَ وَعَلَى النَّهَارِ فَاَضَاءَ، وَبِالْاِسْمِ الَّذِىْ نَادٰى بِهٖ رَبُّنَا لِلْجَبَلِ فَتَمَايَلَ الْجَبَلُ فَرَقًا وَرَشَحَ الْعَرْشُ عَرَقًا وَمَاجَتِ الْاَرْضُ قَلَقًا وَخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا، بَعْلَشَاقِشٍ بَعْلَشَاقِشٍ، مَهْرَاقِشٍ مَهْرَاقِشٍ، اَقْشَامَقْشَا اَقْشَامَقْشَا، مُلَقْشَا مُلَقْشَا،

اَفْشَامَقَشٍ اَفْشَامَقَشٍ، شَقَمُونَهَشٍ شَقَمُونَهَشٍ، رَكْشَارٍ رَكْشَارٍ، رَكْشَالَخٍ، هَوْشٍ هَوْشٍ، نَوْشٍ نَوْشٍ، مَارِشٍ مَارِشٍ، تَوَكَّلُوا بِهٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَافْعَلُوا (كذا و كذا)۔ بِقُوَّةِ الَّذِیْ تَلَقْلَقَتْ مِنْ هَيْبَتِهِ وَخَضَعَتِ الْجَبَابِرَةُ لِعِزَّتِهٖ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ، مُخْرِجُ الْاَ الْعَدَمِ اِلَى الْوُجُوْدِ، اَلْوَحَا الْعَجَلُ السَّاعَةُ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكُمْ وَعَلَيْهِ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ۔ "(یٰسین 3:

عامل حضرات کے لیے رجعت دُور کرنے کا خاص الخاص

اکثر عامل حضرات رجعت میں آجاتے ہیں۔ اور یہ حضرات خود گردش آجاتے ہیں۔ یا رُوحانیت میں کمی آجاتی ہے۔ تو اُن کے لیے ضروری ہے کہ وقت مقرر کر کے ایک ہی جگہ مقرر پر مندرجہ ذیل آیات کم از کم ایک تسبیح پڑھیں اکیس یوم تک پڑھیں ہر قسم کی رجعت ختم ہو جائے گی۔ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ۔ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۔ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ اِذَا اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ۔ (سورہ روم: 18 تا 20)

آیت قطب اور آیت غوث کا عجیب عمل مجرب ترین

سورہ آل عمران آیت نمبر 154 جو کہ اپنے اندر بے پناہ خواص رکھتی ہے۔ جادو کے توڑ کا زبردست عمل ہے۔ بالخصوص وہ عاملین جو کہ حروفِ صوامت کی زکات ادا کرنے کے باوجود عمل کام نہ کرتا ہو۔ یا رجعت کا شکار ہوں۔ سب کے لیے ایک زبردست عمل ہے۔ یہ وہ سورہ پاک ہے جس میں حروف صوامت کے تیرہ حروف (اح در س ص ط ع ک ل م وہ) موجود ہیں۔ اگر اس سورہ مبارکہ کی زکات ادا کی جائے تو کیا بات ہے۔ جادو زدہ پر پڑھ کر پہلے اس پر دَم کیا جائے۔ دوسری بار پڑھ کر اس کے دائیں کان میں دَم کریں۔ تیسری بار پڑھ کر بائیں کان میں دَم کریں۔ چوتھی بار پڑھ کر آنکھوں میں دَم کریں۔ انشاء اللہ جادو زدہ اور بستہ شدہ فوراً کھل جائے گا۔ عاملین وکاملین اس آیت مبارکہ آیت قطب بھی کہتے ہیں۔ اسی طرح عاملین وکاملین نے قرآن پاک کی ایک اور آیت مبارکہ کو آیت غوث بھی کہا ہے۔ جو کہ سورہ فتح کی آیت نمبر 29 ہے۔ ہم یہاں دونوں آیات یعنی آیت قطب اور آیت غوث تحریر کرتے ہیں اور پھر دونوں آیات کے خواص بھی لکھتے ہیں۔

1۔ جو کوئی آیت قطب اور آیت غوث کو ہر روز چالیس مرتبہ نماز فجر کے بعد پڑھے اور جو اللہ تعالیٰ سے مراد مانگے گا انشاء اللہ چالیس روز کے اندر اندر پوری ہو گی۔

2۔ جس کسی کو بادشاہ یا کسی امیر حاکم آفیسر سے کوئی کام ہو۔ اور مشکل نظر آتا ہو۔ تو دو رکعت نفل پڑھ کر ان آیات کو تین بار پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دَم کرے اور منہ پر پھیر لے اور پھر اُس کے پاس جائے تو انشاء مراد پوری ہو گی۔

3۔ جس کسی کو دیو پری نے پکڑا ہو اِس کے بائیں کان میں یہ دونوں آیات پڑھ کر دَم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو گی۔

4۔ جس کسی کو کسی زہریلے جانور بچھو وغیرہ نے کاٹ لیا ہو تو اس کے دائیں کان میں پڑھ کر دَم کریں انشاء اللہ آرام آ جائے گا۔

5۔ جس کسی کو کوئی مشکل مہم پر جانا ہو تو اور دونوں آیات کو پندرہ پڑھ کر خود پر دَم کرے تو فتح حاصل ہو گی۔

6۔ جو کوئی دشمن کے گھر پر چار مرتبہ پڑھ کر دَم کریں تو دشمن کا گھر خراب ہو جائے گا۔

7۔ جو کوئی دشمن کو مطیع کرنا چاہے تو پندرہ مرتبہ دونوں آیات کو پڑھے اور اُس کے سامنے جائے تو وہ مطیع و فرمانبردار ہو جائے گا۔

8۔ جو کوئی سات مرتبہ ان آیات مبارکہ کو پڑھے اور اپنے اوپر دَم کر کے کسی مجلس میں جائے تو اہل مجلس عزت و احترام سے پیش آئیں گے۔

9۔ جو کوئی شہد اور لونگ پر تین مرتبہ پڑھ کر دَم کرے اور کھائے تو اُس کا دِل

کہ جلالی و جمالی پرہیز کے ساتھ روزانہ ایک وقت مقرر پر دونوں آیات کو چودہ مرتبہ روزانہ چالیس یوم تک پڑھے اور شروع میں ایک مرتبہ بسم اللہ شریف اور اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک ابراہیمی پڑھے۔ بعد زکات ہر نماز کے بعد ان آیات کو کم از کم تین مرتبہ پڑھے تا کہ عمل کی قوت قابو میں رہے۔ ان آیات کے عامل کے پاس کبھی تنگ دستی نہ آئے گی بلکہ ہر کام از خود ہونا شروع ہو جائے گا۔ زندگی عیش و آرام سے گزرے گی۔

☆☆☆☆☆

ضمیمہ بحرِ اعمال مخفی

''بحر اعمال مخفی'' میں یہاں چند مجرب ترین اعمال پیر انعام علی شاہ جعفری انوری آف کوہاٹ کے ہم درج کرر ہے ہیں۔ پیر انعام علی شاہ جعفری ہمارے پرانے قابل فخر شاگردوں میں سے ایک قابل اور کامیاب شاگرد ہیں اور ایک طویل عرصہ سے عملیات کی دنیا میں کئی سخت ریاضات کر چکے ہیں۔ اور اپنے علاقہ میں ایک عرصہ سے بنی نوع انسان کی رُوحانی خدمت کرر ہے ہیں۔ جب انہیں معلوم ہوا کہ ہم اپنے مجربات **''بحر اعمال مخفی''** کتابی صورت میں ترتیب دے رہے ہیں تو انہوں نے بطورِ خاص اپنے مجرب اور صدری و خاندانی اعمال ونقوش پیش کیے۔ جو اس ضمیمہ میں درج کیے جا رہے ہیں۔ تا کہ رُوحانی علوم کا یہ خزانہ محفوظ رہے۔ آپ احباب پیر انعام علی شاہ جعفری انوری کے اعمال سے فائدہ کریں تو ان کے دُعائے خیر ضرور کریں۔ راہنمائی حاصل کرنے کے لیے پیر انعام علی جعفری انوری کا نمبر یہ ہے۔ **(0333-9202867)**

تمام قارئین کے لیے ضروری ہے کہ ''بحر اعمال مخفی'' کے اعمال ونقوش کو ناجائز مقاصد کے لیے استعمال نہ کریں۔ ورنہ دنیا اور آخرت خراب ہو جائے گی۔

آپ کا رُوحانی ہم سفر
پیر صوفی الشاہ غلام سرور شباب علوی قادری
سجادہ نشین: دربارِ عالیہ حضرت خواجہ بابا پیر صوفی بہادر علی شاہ علوی قادری
اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑا پنجاب پاکستان
وٹسپ نمبر 0300-4967412

عمل سیفِ ذوالفقار

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔ حیدرم ،قلندرم،مستم، بندۂ مرتضیٰ علی ہستم۔پیشوائے تمام رندانم،کہ سگِ کوئے شیرِ یزدانم۔علی بُوعلی، علی بُوعلی،علی بُوعلی۔شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوتِ پروردِ گار۔لافتح اِلّا علی لَا سیف اِلّا ذوالفقار۔میں غلامِ حیدری،تیرا غلام ذوالفقار۔ہربلا رَدْ باشد۔ یاسید علی جناب۔اللّٰہ میرا بادشاہ ،محمد ﷺ ہے وزیر۔ علی کارساز،دیوان دست گیر۔پڑھو محمد ﷺ چلے علی۔نَصْرٌ مِنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْب۔دِے فَتح تو غفورُ الرَّحِیْم۔کاٹ دِے ہرمصیبت ،توڑ دِے ہردُکھ کی زنجیر۔بِسْمِ اللّٰہِ،اِسْمِ اللّٰہُ۔اِسم فقیر،معاف کرو تقصیر۔اِرد گِرد یَاعلی،چُو گرد مرتضیٰ علی۔ مدد کرو یَاعلی۔محمد مصطفیٰ ﷺ ۔علی حُب ،علی حبیبِ خدا۔سُنو میری آرزو،یاپیر مرتضیٰ۔تن صفا ،مَنْ صفا۔قولِ محمد مصطفیٰ ﷺ ۔بِحَقِّ لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ۔

ہر مقصد کے لیے روزانہ ایک سو دس مرتبہ اور اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف اور بوقت ضرورت صرف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

سامان نیاز یعنی (برفی، سفید چادر، سفید زنانہ جوڑا معہ بڑی چادر، جائے نماز، پانچ سو روپے نقد، اور چاول کی بڑی پلیٹ) کسی سیدزادی یا کسی بیوہ سیدزادی کی خدمت میں پیش کریں۔ اور نہایت عاجزی سے اُن سے اپنے مقصد کے لیے دُعا کرائیں۔

یہ انتہائی خاص عمل ہے۔ اس عمل کے فیوض و برکات لامحدود ہیں۔ سحر جادو اور ہر قسم کے بداثرات نیز کسی بھی مشکل یا پریشانی مثلاً بچوں کے رشتے، امراض سے بچاؤ، مقدمہ میں کامیابی، دکان و مکان اور کاروبار میں خیر و برکت کے لیے یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ اس عمل سے عظیم فتوحات حاصل ہوتی ہیں۔

کالے جادو کے خاتمہ کے لیے مجرب طریقہ

اگر کسی پر کالے جادو یا سفلی جادو کے ذریعے سے کوئی مرض مسلط کر دی گئی ہو، یا کاروبار تباہ و برباد ہو رہا ہو۔ یا گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا فتنہ فساد رہنے لگے۔ حالاتِ زندگی میں معاملات آپ کے عقل و فہم کے خلاف ہوں۔

مریض کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس پر ''بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُ اَكْبَرُ'' اور تعوذ ''اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم'' با آواز بلند ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ کر اس کپڑے پر ایک عدد سیاہ رنگ کا مرغ تکبیر پڑھتے ہوئے ذبح کریں۔ اور اس کپڑے میں مرغ کو لپیٹ کر مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال دیں۔ اور اس ہانڈی کو قبرستان میں دفن کر دیں۔ نیت خاتمہ اثراتِ بد اور ہر قسم جادو کی کریں۔ انشاء اللہ عمل کی برکت سے کالے جادو کی بنیاد ختم ہو جائے گی۔ اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

لیل ونہار سے نجات ملے گی۔اور کسی کی بدُ دعاؤں کی وجہ سے آنے والی آفتوں سے بھی نجات مل جائے گی۔

ہرقسم کی بد قسمتی دُور کرنے کے لیے

اگر کوئی شخص یہ محسوس کرتا ہو کہ وہ بدنصیب ہے۔ یا اس کی قسمت پر تالے لگے ہوئے ہیں۔اس کے کام نہیں بنتے اور ہر جگہ ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔تو اس آیت مبارکہ کو روزانہ نماز عشاء کے ایک سو مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ چالیس یوم کے اندر اندر اس کو یہ محسوس ہوگا کہ اس کی بگڑی بن رہی ہے۔ اور اس کی مشکلات آسانیوں میں بدل رہی ہیں۔آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَذَرۡنِیۡ وَالۡمُکَذِّبِیۡنَ اُولِی النَّعۡمَۃِ وَمَهِّلۡهُمۡ قَلِیۡلًا ۔(سورہ مزمل:11)

ہرمرض کا مجرب رُوحانی علاج

خصوصاً ٹانگوں، گھٹنوں اور کمر میں درد رہتا ہو، زیادہ دیر بیٹھ نہیں سکتے، دوائی اثر نہیں کرتی تو مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اور اسمائے کو طاق تعداد میں دودھ پر پڑھ کر دم کریں اور اُسے پی لیا کریں۔ چند دنوں میں صحتِ کاملہ ہوگی۔آیت مبارکہ اور اسماء یہ ہیں۔

فَکَیۡفَ تَتَّقُوۡنَ اِنۡ کَفَرۡتُمۡ یَوۡمًا یَّجۡعَلُ الۡوِلۡدَانَ شِیۡبًا۔(سورہ مزمل:17)

یَاشَافِی اَلۡاَمۡرَاض یَادَافِعُ اَلۡاَمۡرَاض۔

تشخیص الامراض کا آسان و مجرب عمل

تشخیص الامراض کے لیے مریض کو سامنے بٹھائیں۔ اور آدھے گلاس پانی پر مندرجہ ذیل آیت مبارکہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اور آیت سے پہلے ہر مرتبہ بسم اللہ پڑھیں پانی پر دم کریں اور مریض کو تھوڑا سا پانی پلائیں۔ اگر مریض کو پانی کا ذائقہ کڑوا محسوس ہو، یا کسی طرح کی بدبو محسوس ہو، یا مریض کو پانی اچھا نہ لگے اور وہ پانی پینے سے انکار کردے تو مریض کا مرض رُوحانی ہے۔ یعنی سحری اور آسیبی اثرات ہو سکتے ہیں۔ اگر پانی کے ذائقہ میں کوئی تبدیلی نہ ہو تو مرض جسمانی ہے۔ عمل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ، اللّٰهُ اَکْبَرُ۔ اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا۔ (سورہ مزمل:5)

اگر کسی پر نحوستوں کے بادل چھا جائیں اور نقصان ہونے لگے

اگر کسی پر نحوستوں کے بادل چھا جائیں اور نقصان ہونے لگے۔ بعض اس قسم کے بھی جادو یا عمل کیے کروائے جاتے ہیں، جس سے کسی انسان کی زندگی میں نحوستوں کے بادل چھا جاتے ہیں۔ اور کوئی بھی دوا یا دعا اپنا اثر ہرگز نہیں کرتی اس کے مکمل حل کے لیے کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر پنجتن پاک علیہم السلام کے نام کے پانچ چراغ روشن کیے جائیں اور یہ عمل جمعرات سے شروع کیا جائے اور ہر جمعرات کو وہاں پابندی سے چراغ روشن کریں۔ اور ان کے مزار پر پھول چڑھائیں۔ اور صاحب مزار کے لیے فاتحہ پڑھ کر ایصال ثواب کریں اور پھر مزار کے پاس بیٹھ کر لا تعداد مرتبہ (الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ﷺ) ورد کریں۔ چند جمعراتوں کے بعد اللہ تعالیٰ کے حکم سے وہ فرد اس نحوست سے [illegible]

خود محسوس کرے گا کہ اُس کے حالات میں بہتری آ رہی ہے۔

حیض کے جاری خون کو بند کرنا

جادو کی بنیاد پر اس قسم کا عمل کیا جاتا ہے، جس سے عورت کا خونِ حیض جاری ہو جاتا ہے اور دنیاوی کسی بھی دوائی سے نہ تو کوئی افاقہ ہوتا ہے اور نہ ہی خون بند ہوتا ہے۔ اس سلسلے کو روکنے کے لیے سات عدد ٹوپی والے لونگ لیں اور ان پر سورہ فاتحہ شریف ایک سو مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ اور ان کو کسی صاف شیشے کی بوتل میں ڈال کر پانی سے بھر دیں۔ اور مریضہ کو ہدایت کریں کہ وہ وقفہ وقفہ سے اس بوتل سے تھوڑا تھوڑا پانی پیتی رہے مگر ہر مرتبہ پانی پینے سے پہلے سات مرتبہ سورہ فلق اور سات مرتبہ سورہ والناس پڑھ کر پانی پر دَم کرے اور پانی پی لے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے جاری خون بند ہو جائے گا۔

بندش ختم اور روزی رزق میں خیر و برکت ہو

اگر کوئی فرد رکشہ یا ویگن یا کوئی اسواری چلاتا ہو۔ اور یہی اس کا ذریعہ معاش ہو۔ اور کسی نے حسد کے زور پر اس کے کام کو بند کر دیا ہو تو، سوا کلو شکر سفید یعنی کھانے والی چینی لا کر کسی صاحب کرامت بزرگ کے مزار پر جمعرات کو رکھ آئے اور اگلے دن یعنی جمعہ کو جا کر اُس چینی کو اُٹھا لائے۔ وہاں سے لا کر اُسے شیشے کے گلاس میں پانی کی مقدار سے گھولے، اور اس شیرے کو اپنی اسواری کے ٹائروں کے اوپر روزانہ تھوڑا سا لگا دیا کرے۔ اس عمل کی بدولت پہلے سے کئے ہوئے جادو کا خاتمہ ہو جائے گا اور کام کی بندش بھی ختم ہو جائے گی۔ اور روزی رزق میں خیر و برکت ہو گی۔

نام کے حروف کو بسط عددی یعنی عربی عددی کریں۔اور دیکھیں کہ کون سا عنصر غالب ہے۔پھر اس کے موافق ''بلانے یا دُور کرنے، یا صحت یا مرض'' کا عمل کریں۔

مثلاً۔مطلوب کا نام محمد ہے۔اس کے حروف کو بسط عددی کیا۔(۲۳ حروف) ہوئے۔اس طرح (ارب ع ون ث م ان ی ھ ارب ع ون ارب ع ھ) اعداد ان کے (۵۰۰) ہیں۔پھر ان کے بعد ان چاروں باتوں میں سے جو کرنا ہو وہ کریں۔

مثلاً۔جلب یعنی بلانا۔طرد یعنی دُور کرنا۔صحت یعنی تندرست کرنا۔سقیم یعنی بیمار کرنا۔اور اس وقت اس بسط کے بعد ''عنصر، یوم، وساعت'' کے بسط اس میں اضافہ کر کے عمل پورا کریں۔

اگر یہ طریقہ آپ کو معلوم ہو گیا تو سر الاسرار کو آپ نے پہچان لیا اور جس قدر آپ کی دینداری کامل ہو گی، اسی قدر آپ کی اطاعت ہر چیز کرے گی۔یہاں تک کہ کنکر، پتھر آپ کا کہنا مانیں گے۔

بسط عناصر، بسط ایام، بسط ساعات ستارہ یہ ہیں

بسط عناصر

حروف ناریہ: اھ ط م ف ش ذ

بسط عربی عددی (حروف ناریہ): اح د، خ م س ھ ت س ع ھ، ارب ع ی ن، ن م ا ی ت ی ن، س ت ھ، م ا ی ہ، ال ف۔

حروف آبی یہ ہیں: د ح ل ع ر خ غ

بسط عربی عددی (حروف آبی) ارب ع ہ، ث م ان ی ہ، ث ل ث ی ن، س ب ع ی ن، م ای ت ی ن، س ت ہ، م ای ہ، ال ف۔

حروف بادی یہ ہیں: ک س ق ج ز ث ظ

بسط عربی عددی (حروف بادی) ع ش ر ی ن، س ت ی ن، م ای ہ، ث ل اث ہ، س ب ع ہ، خ م س ہ، م ای ہ، ت س ع ہ، م ای ہ۔

حروف خاکی یہ ہیں: ی ن ص ب و ت ض

بسط عربی عددی (حروف خاکی) ع ش ر ہ، خ م س ی ن، ت س ع ی ن، اث ن ی ن، س ت ہ، ارب ع ہ، م ای ہ، ث م ان ی ہ، م ای ہ۔

بسط ایام

1۔ یوم الاحد۔ یعنی یک شنبہ: اح د، ث ل ث ی ن، اح د، ث م ان ی ہ، ارب ع ہ۔

2۔ یوم الاثنین یعنی دوشنبہ: اح د، ث ل ث ی ن، اح د، خ م س ہ، م ای ہ، خ م س ی ن، ع ش ر ہ، خ م س ی ن۔

3۔ یوم الثلاثہ یعنی سہ شنبہ: اح د، ث ل ث ی ن، خ م س ہ، م ای ہ، ث ل ث ی ن، اح د، خ م س ہ، م ای ہ، خ م س ہ۔

4۔ یوم الاربعہ یعنی چہار شنبہ: اح د، ث ل ث ی ن، اح د، م ای ت ی ن، اث ن ی ن، س ب ع ی ن، خ م س ہ۔

5۔ یوم الخمیس یعنی پنج شنبہ: اح د، ث ل ث ی ن، س ت ہ، م ای ہ، ارب

ع ی ن، ع ش رہ، س ت ی ن۔

6۔ یوم الجمعہ یعنی جمعہ: اح د، ث ل ث ی ن، ث ل اث ہ، ار ب ع ی ن، س ب ع ی ن، خ م س ہ۔

7۔ یوم السبت یعنی شنبہ: اح د، ث ل ث ی ن، س ت ی ن، اث ن ی ن، ار ب ع ہ، م ای ہ۔

بسط ساعات کواکب

1۔ زحل: س ب ع ہ، ث م ان ی ہ، ث ل ث ی ن۔

2۔ شمس: ث ل اث ہ، م ای ہ، ار ب ع ی ن، س ت ی ن۔

3۔ قمر: م ای ہ، ار ب ع ی ن، م ای ت ی ن۔

4۔ مریخ: ار ب ع ی ن، م ای ت ی ن، ع ش رہ، س ت ہ، م ای ہ۔

5۔ عطارد: س ب ع ی ن، ت س ع ہ، اح د، م ای ت ی ن، ار ب ع ہ

6۔ مشتری: ار ب ع ی ن، ث ل اث ہ، م ای ہ، ار ب ع ہ، م ای ہ، م ای ت ی ن، ع ش رہ۔

7۔ زہرہ: س ب ع ہ، خ م س ہ، م ای ت ی ن، خ م س ہ۔

اَب رہا، بارش یا ہوا کا مسخر کرنا کہ جب جی چاہا، مینہ برسایا اور جب جی چاہا بند کر دیا، اسی طرح جب چاہا ہوا چلائی، اور جب چاہا بند کر دی۔

پس ان کے موازین ان کے ساتھ مخصوص ہیں۔ آپ نے ان کو معلوم کر لیا۔ تو تمام دنیا میں آپ کی سلطنت ہوگی۔ اور آخرت بھی آپ کے لیے اچھی ہوگی۔ اگر

آپ اہلِ عقل ہیں۔

بارش برسانا: مطر یعنی مینہ کی میزان یہ ہے۔ ا ر ب ع و ن، ا ت س ع ا، ہ م

ا ی ت ی ا ن۔

اَب اس کے ساتھ میزان ''جلب'' کو جس کا کہ جس ہوا ملا کر عمل کریں۔

ریاح یعنی ہوا کی میزان یہ ہے۔ م ا ی ت ی ا ن، ع ش ر ہ، ا ح د، ش م ا ن

ی ہ،

میزان ''جلب'' اس میں ملا کر عمل کریں۔

ہوام یعنی موذیات کے دُور کرنے کے واسطے میزان اور ''طرد'' کا استعمال

کریں۔ ہوام کا بسط عربی عددی یہ ہے۔ خ م س ہ، س ت ہ، ا ح د، ا ر ب ع ی ن۔

اوران کے حاضر کرنے کا بھی یہی طریقہ ہے۔

دواب بحر یعنی دریائی جانوروں کی میزان یہ ہے۔ ا ر ب ع ہ، س ت ہ، ا ن

ہ ث ن ی ن، ا ث ن ی ن، ث م ا ن ی ہ، م ا ی ت ی ن۔

اور میزان طیور کی طرف جو چاہیں، خیمہ یا اثر سے اضافہ کریں۔ اور جن اعداد

کو ہم نے ذکر کیا ہے۔ ان سے ان کے تقارب پیدا کریں۔ مثلاً طرح عقرب، ہوا عقرب سے

اور تسخیر کا قسمت وغیرہ ذالک۔

استعمال کرنے کا طریقہ

جو عنصر غالب ہو اسی کے مطابق عمل کیا جائے مثلاً

۱۔ خاک غالب ہے تو عمل خاک میں یا قسم [illegible]

2۔آتش: غالب ہے تو آگ کے قریب دفن کریں۔ یا چراغ میں جلایا جائے گا۔

3۔ہوا: غالب ہے تو ہوا میں لٹکایا جائے گا۔ یا بازو پر باندھا جائے گا۔

4۔آب: غالب ہے تو پانی میں بہایا جائے گا۔ یا پانی کے قریب دفن کیا جائے گا۔

اور نیک کام کے واسطے عمدہ خوشبو روشن کی جاتی ہے اور بد یا شر کے کام کے واسطے بد بودار بخور جلائے جاتے ہیں۔

نقش جذب القوب برائے محبت و تسخیر

